Multiple	A number obtained by multiplying a given number by any positive whole number.	Multiples of 4: 4, 8, 12, 16, 20, ...
Prime Number	A positive integer greater than 1 that has only 1 and itself as factors.	2, 3, 5, 7, 11, 13 are primes
Composite Number	A positive integer greater than 1 that has more than two factors (i.e., not prime).	12 is composite: factors are 1, 2, 3, 4, 6, 12
Prime Factorisation	Writing a number as a product of its prime factors only.	$90 = 2 \times 3 \times 3 \times 5$ (all factors are primes)
Common Factor	A number that is a factor of two or more given numbers.	Common factors of 12 and 18: 1, 2, 3, 6

APSCERT

11 – مشترکہ بنیاد تلاش کرنا



1 **اہم اصطلاحات:**

جزضربی، اضعاف، مفرد عدد، مرکب عدد، مفرد تجزیہ، مشترک جزضربی، باہم مفرد اعداد، ذواضعاف اقل مشترک، عاد اعظم مشترک

1 **تصور کی وضاحت — اصطلاحات کو سمجھیں**

ہدایات : ہر اصطلاح کو تعریف اور مثال کے ساتھ سمجھیں۔ ہر تصور کو روزمرہ زندگی سے جوڑیں تاکہ بہتر سمجھ پیدا ہو۔

اصطلاح	تعریف	مثال
جزضربی	ایسا عدد جو کسی دوسرے عدد کو بغیر باقی کے مکمل تقسیم کرے۔	12 کے اجزائے ضربی: 1، 2، 3، 4، 6، 12
اضعاف	ایسا عدد جو کسی عدد کو مثبت صحیح اعداد سے ضرب دینے پر حاصل ہو۔	4 کے اضعاف: 4، 8، 12، 16، 20
مفرد عدد	ایسا صحیح عدد جو 1 سے بڑا ہو اور صرف 1 اور خود پر تقسیم ہو۔	2، 3، 5، 7، 11، 13
مرکب عدد	ایسا صحیح عدد جو 1 سے بڑا ہو اور اس کے دو سے زیادہ عوامل ہوں۔	12 ایک مرکب عدد ہے: 1، 2، 3، 4، 6، 12
مفرد اجزائے ضربی	کسی عدد کو صرف مفرد جزضربی کے حاصلِ ضرب کی صورت میں لکھنا۔	$90 = 2 \times 3 \times 3 \times 5$
مشترک جزضربی	ایسا عدد جو دو یا زیادہ اعداد کا جزضربی ہو۔	12 اور 18 کے مشترک جزضربی: 1، 2، 3، 6

Term	Definition	Example
Common Multiple	A number that is a multiple of two or more given numbers.	Common multiples of 4 and 6: 12, 24, 36, …
Co-prime Numbers	Two numbers whose common factor is only 1 (their HCF = 1).	8 and 15 are co-prime: HCF = 1
HCF (Highest Common Factor)	The largest number that divides two or more numbers exactly. This is Also called GCD.	HCF of 12 and 16 is 4
LCM (Lowest Common Multiple)	The smallest number that is a common multiple of two or more numbers.	LCM of 6 and 8 is 24



Student Readiness-Reading and Practice

Instructions: Read the key terms carefully. Then attempt all questions on your own.

A. Fill in the blanks.

1. The Common Factors of 12 and 16 are _____.
2. The LCM of 6 and 8 is _____ because it is the _____ common multiple.
3. The prime factorisation of 90 is 2 × 3 × _____ × _____.

B. Multiple Choice Questions - Choose the correct answer.

1. What is the HCF of 45 and 75? ( )

   (a) 5 (b) 15 (c) 3 (d) 75

2. The LCM of two co-prime numbers p and q is: ( )

   (a) p + q (b) p × q (c) HCF (d) Cannot be found

AP SCERT

اصطلاح	تعریف	مثال
مشترک اضعاف	ایسا عدد جو دو یا زیادہ اعداد کا اضعاف ہو۔	4اور6 کے مشترک اضعاف: 36،24،12
باہم مفرد اعداد	دو ایسے اعداد جن کا مشترک جزِ ضربی صرف 1 ہو۔	8اور15 باہم مفرد ہیں کیونکہ ان کا اعظم مشترک جزِ ضربی 1 ہے۔
عاد اعظم مشترک	سب سے بڑا عدد جو دو یا زیادہ اعداد کو مکمل تقسیم کرے۔	12اور16 کا عاد اعظم مشترک 4 ہے۔
ذواضعاف اقل مشترک	سب سے چھوٹا عدد جو دو یا زیادہ اعداد کا مشترک مضاعف ہو۔	6اور8 کا ذواضعاف اقل مشترک 24 ہے۔



طلبہ کی آمادگی-پڑھنا اور مشق

ہدایات : اہم اصطلاحات کو غور سے پڑھیں۔ پھر تمام سوالات خود حل کریں۔

الف) خالی جگہیں کو پُر کیجیے۔

1. 12 اور 16 کے مشترک اجزائے ضربی _____ ہیں۔
2. 6اور8 کا کم ترین مشترک اضعاف _____ ہے کیونکہ یہ سب سے _____ مشترک اضعاف ہے۔
3. 90 کا مفرد تجزیہ 2 × 3 × _____ × _____ ہے۔

ب) کثیر الانتخابی سوالات — صحیح جواب منتخب کریں۔

1. 45اور75 کا عاد اعظم مشترک کیا ہے؟ ( )

(a) 5 (b) 15 (c) 3 (d) 75

2. دو باہم مفرد اعداد p اور q کا ذواضعاف اقل مشترک کیا ہو گا؟ ( )

(الف) p + q (ب) p × q (ج) عاد اعظم مشترک (د) معلوم نہیں کیا جا سکتا

DAY-12 12. CONNECTING THE DOTS



- **Key Terms :** Statistics, Data, Arithmetic Mean (Average), Median, Range
- **Concept Explanation-Understand the Terminology**

Instructions: Introduce each term using definitions and examples. Connect each concept to a real-life example to build readiness.

Term	Definition & Example
Data	A collection of numbers or facts gathered for study. Example: Marks scored by students in a test: 45, 60, 72, 38, 55
Statistics	The study of collecting, organising, analysing, interpreting, and presenting data. Example: Finding the average score summative assessment of a class is a statistical task.
Arithmetic Mean (Average)	Sum of all values ÷ Number of values. It balances the highs and lows. Example: Mean of 3, 7, 5 = (3+7+5) ÷ 3 = 15 ÷ 3 = 5
Median	The middle value of sorted data. If two middle values exist, take their average. Example: Sorted data: 2, 5, 7, 9, 12 → Median = 7
Range	Difference between the maximum and minimum value in the data. Example: Prices 25, 30, 59 → Range = 59 - 25 = 34



Student Readiness-Reading and Practice

Instructions: Read the key terms carefully. Then attempt all questions on your own.

A. Fill in the blanks.

1. The mean of 4, 8, 6, 2 = _____
2. The median of 3, 7, 1, 9, 5 (sorted: _____) = _____

B. Multiple Choice Questions - Choose the correct answer.

1. Which is a statistical question? ( )
   (a) How many legs does a dog have?
   (b) Average height of the students in your class?
   (c) What is 5 × 6?
   (d) Is water wet?

APSCERT



معلم کی سرگرمی



1 **اہم اصطلاحات:** شماریات، اعداد و شمار، اوسطِ حسابی، وسطانیہ، سعت

1 **تصور کی وضاحت — اصطلاحات کو سمجھیں**

ہدایات: ہر اصطلاح کو تعریف اور مثال کے ساتھ سمجھیں۔ ہر تصور کو روزمرہ زندگی سے جوڑیں تاکہ بہتر سمجھ پیدا ہو۔

اصطلاح	تعریف اور مثال
اعداد و شمار	مطالعہ کے لیے جمع کیے گئے اعداد یا معلومات۔ مثال: طلبہ کے حاصل کردہ نمبر: 45، 60، 72، 38، 55
شماریات	اعداد و شمار کو جمع کرنے، ترتیب دینے، تجزیہ کرنے، سمجھنے اور پیش کرنے کا علم۔ مثال: جماعت کے اوسط عدد معلوم کرنا ایک شماریاتی عمل ہے۔
اوسط حسابی	تمام اعداد کا مجموعہ ÷ اعداد کی تعداد۔ مثال: 3، 7، 5 کا اوسط = (3+7+5) ÷ 3 = 15 ÷ 3 = 5
وسطانیہ	ترتیب دیے گئے اعداد میں درمیانی عدد۔ اگر دو درمیانی اعداد ہوں تو ان کا اوسط لیا جاتا ہے۔ مثال: 2، 5، 7، 9، 12 کا وسطانیہ = 7
سعت	سب سے بڑے اور سب سے چھوٹے عدد کا فرق۔ مثال: 25، 30، 59 کا سعت = 59 - 25 = 34



طلبہ کی آمادگی-پڑھنا اور مشق

ہدایات: اہم اصطلاحات کو غور سے پڑھیں۔ پھر تمام سوالات خود حل کریں۔

الف) خالی جگہیں کو پُر کیجیے۔

1. 4، 8، 6، 2 کا اوسط =
2. 3، 7، 1، 9، 5 کا وسطانیہ (ترتیب: _____) = _____

ب) کثیر الانتخابی سوالات — صحیح جواب منتخب کریں۔

1. ان میں سے کون سا شماریاتی سوال ہے؟ ( )

(الف) کتے کی کتنی ٹانگیں ہوتی ہیں؟

(ب) آپ کی جماعت کے طلبہ کا اوسط قد کیا ہے؟

(ج) 5 × 6 کیا ہے؟ (د) کیا پانی گیلا ہوتا ہے؟



- **Key Terms :** Line Segment,Bisection, Perpendicular, Perpendicular Bisector, Midpoint, Angle, Angle Bisector, Congruent Triangles, Regular Polygon, Tiling (Tessellation)
- **Concept Explanation-Understand the Terminology**

Instructions: Introduce each term using definitions and examples. Connect each concept to a real-life example to build readiness.

Term	Definition & Example
Line Segment	A part of a line with two definite endpoints. Example: The segment joining points X and Y, written $\overline{XY}$, has fixed length.
Bisection	Dividing a line segment or angle into two exactly equal parts. Example: If O is the midpoint of $\overline{XY}$, then O bisects $\overline{XY}$.
Perpendicular	Two lines that meet at exactly 90° (a right angle) are called perpendicular. Example: The corner of a square shows two perpendicular lines.
Perpendicular Bisector	A line that is perpendicular to a given segment and passes through its midpoint. Example: Any point on the perpendicular bisector of XY is equidistant from X and Y.
Midpoint	The point that divides a line segment into two equal halves. Example: If XY = 8 cm, the midpoint M lies 4 cm from both X and Y.
Angle	The figure formed by two rays sharing a common endpoint called the vertex. Example: ∠AOB is the angle at vertex O between rays $\overrightarrow{OA}$ and $\overrightarrow{OB}$.
Angle Bisector	A ray that divides an angle into two equal parts. Example: If $\overrightarrow{OC}$ bisects ∠AOB, then ∠AOC = ∠BOC.

13-بناوٹ اور ٹائیلنگ



1 اہم اصطلاحات:

قطعہ خط، ناصف، عمودی، عمودی ناصف، وسطی نقطہ، زاویہ، زاویہ ناصف، متماثل مثلثات، منتظم کثیر ضلعی، فرش بندی

1 تصور کی وضاحت — اصطلاحات کو سمجھیں

ہدایات: ہر اصطلاح کو تعریف اور مثال کے ساتھ سمجھیں۔ ہر تصور کو روزمرہ زندگی سے جوڑیں تاکہ بہتر سمجھ پیدا ہو۔

اصطلاح	تعریف اور مثال
قطعہ خط	خط کا وہ حصہ جس کے دو مختتم سرے ہوں۔ مثال X اور Y کو ملانے والا قطعہ خط $\overline{XY}$ کہلاتا ہے۔
ناصف	کسی قطعہ خط یا زاویہ کو دو بالکل برابر حصوں میں تقسیم کرنا۔ مثال: اگر O، $\overline{XY}$ کا وسطی نقطہ ہو تو O، $\overline{XY}$ کی ناصف کرتا ہے۔
عمودی	دو خطیں جو $90°$ پر ملیں عمودی کہلاتی ہیں۔ مثال: مربع کے کونے میں دو عمودی خطیں ہوتی ہیں۔
عمودی ناصف	ایسی خط جو کسی قطعہ پر عمود ہو اور اس کے وسطی نقطہ سے گزرے۔ مثال $\overline{XY}$ کے عمودی ناصف پر موجود ہر نقطہ X اور Y سے برابر فاصلے پر ہوتا ہے۔
وسطی نقطہ	وہ نقطہ جو قطعہ خط کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرے۔ مثال: اگر $XY = 8$ سم ہو تو وسطی نقطہ M، X اور Y دونوں سے 4 سینٹی میٹر دور ہوگا۔
زاویہ	دو شعاعوں سے بننے والی شکل جن کا مشترک نقطہ راس کہلاتا ہے۔ مثال $\angle AOB$ میں O راس ہے۔
زاویہ ناصف	ایسی شعاع جو زاویہ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرے۔ مثال: اگر OC، $\angle AOB$ کی ناصف کرے تو $\angle AOC = \angle BOC$ ہوگا۔

Term	Definition & Example
Congruent Triangles	Triangles that have exactly the same shape and size (all sides and angles equal). Example: If $\Delta ABC \cong \Delta XYZ$ by SSS, then all matching sides and angles are equal.
Regular Polygon	A polygon with all sides equal and all angles equal. Example: Equilateral triangle (3 sides, 60° each angle), Square (4 sides, 90° each angle).
Tiling (Tessellation)	Covering a flat surface using shapes that fit together with no gaps and no overlaps. Example: Bathroom floor tiles of squares form a tiling of the plane.



Student Readiness-Reading and Practice

Instructions: Read the key terms carefully. Then attempt all questions on your own.

A. Fill in the blanks.

1. The perpendicular bisector of XY passes through the _____ of XY.
2. An angle bisector divides an angle into _____ equal parts.
3. An equilateral triangle has all angles equal to _____.

B. Multiple Choice Questions - Choose the correct answer.

1. To construct the perpendicular bisector of XY, arcs are drawn from X and Y with: ( )
   (a) Different radii (b) Equal radii (c) Any radii (d) No radii
2. The angle between two lines that are perpendicular is: ( )
   (a) 45° (b) 60° (c) 90° (d) 180°

C. Match the Following.

	Column A			Column B
1.	90° angle at a point on a line	( )	A)	tiling
2.	45° angle	( )	B)	bisect a 90° angle
3.	Covering a floor with tiles	( )	C)	perpendicular
4.	60° angle	( )	D)	equilateral triangle

APSCERT

اصطلاح	تعریف اور مثال
متماثل مثلثات	ایسے مثلثات جن کی شکل اور سائز بالکل ایک جیسے ہوں، یعنی تمام ضلع اور زاویے برابر ہوں۔ مثال: اگر $\triangle XYZ \cong \triangle ABC$ ہو تو ان کے متناظر ضلع اور زاویے برابر ہوں گے۔
منتظم کثیر ضلعی	ایسا کثیر ضلعی جس کے تمام ضلعے اور تمام زاویے برابر ہوں۔ مثال: مساوی الاضلاع مثلث، مربع۔
فرش بندی	سطح کو ایسی اشکال سے بھرنا جو بغیر خلا اور بغیر ایک دوسرے پر چڑھے مکمل طور پر جڑ جائیں۔ مثال: غسل خانے کے فرش پر مربع ٹائلوں کی ترتیب۔

طلبہ کی آمادگی - پڑھنا اور مشق

ہدایات: اہم اصطلاحات کو غور سے پڑھیں۔ پھر تمام سوالات خود حل کریں۔

الف) خالی جگہیں کو پُر کیجیے۔

1. XY کا عمودی ناصف، XY کے _____ سے گزرتا ہے۔
2. زاویہ ناصف، زاویہ کو _____ برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔
3. متساوی الاضلاع مثلث کے تمام زاویے _____ ہوتے ہیں۔

ب) کثیر الانتخابی سوالات — صحیح جواب منتخب کریں۔

1. XY کا عمودی ناصف بنانے کے لیے X اور Y سے قوسیں کس طرح کھینچی جاتی ہیں؟ ( )

(الف) مختلف نصف قطر کے ساتھ (ب) برابر نصف قطر کے ساتھ

(ج) کسی بھی نصف قطر کے ساتھ (د) بغیر نصف قطر کے

2. دو عمودی لکیروں کے درمیان زاویہ ہوتا ہے : ( )

ج) جوڑ ملائیے۔

کالم (ب)		کالم (الف)
1. لکیر پر 90° زاویہ	( )	الف) فرش بندی
2. 45° زاویہ	( )	ب) 90° زاویہ کی تنصیف
3. فرش کو ٹائلوں سے ڈھانپنا	( )	ج) عمودی
4. 60° زاویہ	( )	د) مساوی الاضلاع مثلث

14. FINDING THE UNKNOWN



- **Key Terms :** Variable, Equation, LHS/RHS, Solution, Inverse Operations, Trial & Error Method, Expression
- **Concept Explanation-Understand the Terminology**

Instructions: Introduce each term using definitions and examples. Connect each concept to a real-life example to build readiness.

Term	Definition & Example
Variable	A letter (like x, y, n) used to represent an unknown number. Ex: In 2n + 1 = 99, the letter n is the variable.
Equation	A mathematical statement showing two expressions are equal using '='. Symbol Ex: 3x + 4 = 7 is an equation.
LHS / RHS	LHS = Left Hand Side; RHS = Right Hand Side of an equation. Ex: In 2n + 1 = 99, LHS is 2n + 1 and RHS is 99.
Solution	The value of the variable that makes LHS = RHS. Ex: x = 3 is the solution of x + 4 = 7.
Inverse Operations	Operations that undo each other: addition & subtraction, multiplication & division. Ex: To undo +5, we subtract 5.
Trial & Error Method	Guessing different values for the variable and checking which one satisfies the equation.
Expression	A combination of numbers and variables without an '=' sign. Ex: 2n + 1 is an algebraic expression.



Student Readiness-Reading and Practice

Instructions: Read the key terms carefully. Then attempt all questions on your own.

A. Fill in the blanks.

1. In the equation 5x - 4 = 7, the LHS is _____ and RHS is _____.
2. A _____ is the value of the variable that makes the equation true.
3. To solve 2n = 10, we divide both sides by ____. So n = ____.

B. Multiple Choice Questions - Choose the correct answer.

1. Which is an equation? ( )
   (a) 3x + 2 (b) x - 5 = 7 (c) 4y (d) 2 + 3
2. If 3x = 15, what is the value of x?: ( )
   (a) 3 (b) 5 (c) 12 (d) 45

14-نامعلوم کی تلاش



1 **اہم اصطلاحات:** متغیر، مساوات، بائیں جانب / دائیں جانب، حل، عمل معکوس، سعی و خطا طریقہ، تاثر

1 **تصور کی وضاحت — اصطلاحات کو سمجھیں**

ہدایات: ہر اصطلاح کو تعریف اور مثال کے ساتھ سمجھیں۔ ہر تصور کو روزمرہ زندگی سے جوڑیں تاکہ بہتر سمجھ پیدا ہو۔

اصطلاح	تعریف اور مثال
متغیر	ایسا حرف (جیسے x، y، n) جو کسی نامعلوم عدد کو ظاہر کرے۔ مثال: 2n + 1 = 99 میں n متغیر ہے۔
مساوات	ایسی ریاضیاتی عبارت جس میں '=' کی علامت کے ذریعے دو تاثر برابر دکھائے جائیں۔ مثال: x + 4 = 73
بائیں جانب / دائیں جانب	مساوات کے '=' نشان کے بائیں حصے کو LHS اور دائیں حصے کو RHS کہتے ہیں۔ مثال: 2n + 1 = 99 میں LHS = 2n + 1 اور RHS = 99
حل	متغیر کی وہ قیمت جو مساوات کو درست بنائے۔ مثال x + 4 = 7 کا حل: x = 3 ہے۔
عمل معکوس	ایسے اعمال جو ایک دوسرے کے اثر کو ختم کریں، جیسے جمع و تفریق، ضرب و تقسیم۔ مثال: +5 کو ختم کرنے کے لیے 5 منفی کرتے ہیں۔
سعی و خطا طریقہ	مختلف قیمتیں رکھ کر دیکھنا کہ کون سی قیمت مساوات کو درست بناتی ہے۔
تاثر	اعداد اور متغیرات کا مجموعہ جس میں '=' کی علامت نہ ہو۔ مثال n + 12



طلبہ کی آمادگی-پڑھنا اور مشق

ہدایات: اہم اصطلاحات کو غور سے پڑھیں۔ پھر تمام سوالات خود حل کریں۔

الف) خالی جگہیں کو پُر کیجیے۔

1. مساوات 5x - 4 = 7 میں _____ LHS اور _____ RHS ہے۔
2. _____ متغیر کی وہ قیمت ہے جو مساوات کو درست بناتی ہے۔
3. 2n = 10 کو حل کرنے کے لیے دونوں جانب ____ سے تقسیم کرتے ہیں، لہٰذا ____ n =۔

ب) کثیر الانتخابی سوالات — صحیح جواب منتخب کریں۔

1. ان میں سے کون سی مساوات ہے؟ ( )
(a) 3x + 2 (b) x - 5 = 7 (c) 4y (d) 2 + 3

2. اگر 3x = 15 ہو تو x کی قیمت کیا ہوگی؟ ( )
(a) 3 (b) 5 (c) 12 (d) 45

1 LARGE NUMBERS AROUND US

S5P2Z2

Learning outcomes:

Learners will be able to

- Read, write, and compare large numbers up to 10 crore.
- Understand and apply place value and number systems.
- Estimate and round off numbers appropriately for real-life use.
- Recognise and create patterns in numbers and operations.
- Connect mathematical knowledge to daily life situations involving large numbers.

1.0 Introduction

The Government of Andhra Pradesh has sponsored a great opportunity for government school students who stood first in the Inspire Manak competitions; they are eligible to visit the Science Museum in Delhi.

It was a bright Wednesday morning, and Lakshmi was excited about her trip to the Science Museum. As she entered, she saw a huge board that read:

"The distance from the Earth to the Sun is 149,600,000 kilometers."

Lakshmi's eyes are widened.

"Wow! That's such a big number! How do even scientists read that?" she wondered. Moving ahead, she saw another display about the population of India - 1,420,000,000 people!



"That's even bigger!" she said to her friend Arjun.

AP SCERT

1 ہمارے آس پاس کے بڑے اعداد

I3Q1U6

اکتسابی نتائج:

طلبہ اس قابل بنیں گے

- 10 کروڑ تک کے بڑے اعداد کو پڑھ سکیں، لکھ سکیں اور ان کا موازنہ کر سکیں گے۔
- مقامی قدر (Place Value) اور عددی نظام کو سمجھ سکیں گے اور ان کا اطلاق کر سکیں گے۔
- حقیقی زندگی میں اعداد کے استعمال کا مناسب تخمینہ کرتے ہوئے قریب ترین اعداد لکھ سکیں گے۔
- اعداد اور ریاضیاتی اعمال میں نمونوں (Patterns) کو پہچان سکیں گے اور بنا سکیں گے۔
- بڑے اعداد سے متعلق ریاضیاتی علم کو روزمرہ زندگی کے حالات سے جوڑ سکیں گے۔

1.0 تعارف

آندھرا پردیش کی حکومت نے ان گورنمنٹ اسکولوں کے طلبہ کے لیے ایک بہترین موقع فراہم کیا ہے جنہوں نے "Inspire Manak" مقابلوں میں پہلا مقام حاصل کیا ہے وہ دہلی میں سائنس میوزیم کی سیر کے اہل قرار دیے گئے ہیں۔


چہار شنبہ کی ایک روشن صبح تھی، اور لکشمی سائنس میوزیم کے اپنے دورے کے حوالے سے بہت پر جوش تھی۔ جیسے ہی وہ اندر داخل ہوئی، اس نے ایک بہت بڑا بورڈ دیکھا جس پر لکھا تھا: 'زمین سے سورج تک کا فاصلہ 149,600,000 کلومیٹر ہے۔" لکشمی کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں۔

اس نے سوچا، "واہ! یہ کتنا بڑا عدد ہے! سائنسدان اسے کیسے پڑھتے ہوں گے؟" آگے بڑھتے ہوئے اس نے ہندوستان کی آبادی کے بارے میں ایک اور ڈسپلے دیکھا -1,420,000,000 لوگ!




اس نے اپنے دوست ارجن سے کہا، "یہ تو اس سے بھی بڑا ہے!"

Arjun laughed, "That's why we need to learn how to read and write such large numbers. They're everywhere - in science, geography, and even in sports!" Also my mother, Durga said that the Ancient Indian Mathematician Aaryabhatta used large numbers to calculate planetary motion as 4,320,000 revolutions per 'Mahayuga'.



When they returned to school, their Maths teacher smiled and said, "Children, you just explored what our next chapter is all about - Large Numbers Around Us!"


1.1 A Lakh Varieties!



Ramayya is a farmer in Vemavaram, a village in Andhra Pradesh. He visits the market regularly to buy seeds for his rice field. During one such visit he overheard a conversation between Siva and Soujanya. Siva said, "Earlier our country had about a lakh varieties of rice. Farmers used to preserve different varieties of seeds and use them to grow rice. Now, we only have a handful of varieties. Also, farmers have to come to the market to buy seeds".

Soujanya said, "There is a seed bank near my house. So far, they have collected about a hundred indigenous varieties of rice seeds from different places. You can also buy seeds from there."

You may have heard the word 'lakh' before. Do you know how big one lakh is? Let us find out.




Ramayya shared this incident with his daughter Ratnam and son Surya. Surya was surprised to know that there were about one lakh varieties of rice in this country. He wondered "One lakh! So far I have only tasted 3 varieties. If we tried a new variety each day, would we even come close to tasting all the varieties in a lifetime of 100 years?" What do you think? Guess.




ارجن ہنسا، "اسی لیے ہمیں یہ سیکھنے کی ضرورت ہے کہ اتنے بڑے اعداد کو کیسے پڑھا اور لکھا جاتا ہے – یہ ہر جگہ موجود ہیں – سائنس، جغرافیہ اور یہاں تک کہ کھیلوں میں بھی!" ارجن نے مزید کہا، " میری والدہ، درگا نے بتایا کہ قدیم ہندوستانی ریاضی دان آریہ بھٹ نے سیاروں کی گردش کا حساب لگانے کے لیے بڑے اعداد کا استعمال کیا تھا، جو کہ 4,320,000 چکر فی 'مہایوگ' (Mahayuga) تھے۔" جب وہ اسکول واپس آئے تو ان کے ریاضی کے استاد نے مسکراتے ہوئے کہا، "بچو، آپ نے ابھی ابھی وہی دریافت کیا ہے جس کے بارے میں ہمارا اگلا باب ہے – ہمارے آس پاس کے بڑے اعداد!"

1.1 ایک لاکھ اقسام!




آندھرا پردیش کے ایک قصبہ ویماورم میں رامیا نام کا ایک کسان رہتا ہے۔ وہ اپنے دھان کے کھیت کے لیے بیج خریدنے کی غرض سے روزانہ بازار جاتا ہے۔ اسی طرح کے ایک دورے کے دوران اس نے شوا اور سوجنیا کی گفتگو سنی۔ شیوا نے کہا "پہلے ہمارے ملک میں دھان کی ایک لاکھ قسمیں ہوا کرتی تھیں۔ کسان مختلف قسموں کے بیجوں کو محفوظ رکھتے تھے اور انہیں دھان اگانے کے لیے استعمال کرتے تھے۔ اب ہمارے پاس صرف چند اقسام رہ گئی ہیں۔ نیز بیج خریدنے کے لیے کسانوں کو بھی بازار آنا پڑتا ہے۔"

سوجنیا کہتی ہے "میرے گھر کے قریب ایک بیج بینک ہے۔ اب تک انہوں نے مختلف جگہوں سے چاول کے بیجوں کی تقریباً سو مقامی اقسام جمع کی ہیں آپ وہاں سے بھی بیج خرید سکتے ہیں۔" اس سے پہلے آپ نے لفظ 'لاکھ' تو سنا ہی ہوگا۔ کیا آپ جانتے ہیں ایک لاکھ کتنا بڑا ہوتا ہے؟ آیئے ہم معلوم کرتے ہیں۔ رامیا نے یہ واقعہ اپنی بیٹی رتنم اور بیٹے سوریا کو سنایا۔ سوریا کو یہ جان کر حیرت ہوئی کہ اس ملک میں چاول کی تقریباً ایک لاکھ قسمیں ہوا کرتی تھیں۔ اس نے حیران ہو کر پوچھا





"ایک لاکھ! اب تک میں نے تو صرف 3 قسمیں ہی چکھی ہیں۔ اگر ہم ہر دن ایک نئی قسم کا ذائقہ لیں تو کیا ہم سو سال کی زندگی میں تمام اقسام کو چکھنے کے قریب پہنچ پائیں گے؟" آپ کا کیا خیال ہے؟ اندازہ لگایئے۔

But how much is one lakh? Observe the pattern and fill in the boxes given below.



1,00,000 is read as "One Lakh"






Rakshitha and Surya found that if they ate one variety of rice a day, they would come nowhere close to a lakh in a lifetime! Ratnam suggests, "What if we ate 2 varieties of rice every day? Would we then be able to eat 1 lakh varieties of rice in 100 years?"




What if a person ate 3 varieties of rice every day? Will they be able to taste all the lakh varieties in a 100 year lifetime? Find out. Surya said, "We know that 365 days are there in a year. if we ignore leap years. If we live for 'y' years, the number of days in our lifetime will be 365 × y."

لیکن ایک لاکھ کتنا ہوتا ہے؟ پیٹرن کا مشاہدہ کیجیے اور ذیل میں دیے گئے خانوں کو بھریے۔




1,00,000 کو "ایک لاکھ" پڑھا جاتا ہے۔





کرشنا اور سوریا یہ پاکر کہ اگر وہ 100 سال تک روزانہ ایک ہی قسم کا چاول کھائیں تو وہ پوری زندگی میں ایک لاکھ سے بھی زیادہ کلو گرام چاول کھائیں گے۔ ریشم مشورہ دیتی ہے، "کیا یہ پروگرام کریں کہ روزانہ 2 قسموں کے چاول کھائیں تو؟ کیا ہم سو سال میں ایک لاکھ قسم کے چاول کھا سکیں گے؟"



اگر کوئی شخص روزانہ 3 قسموں کے چاول کھاتا ہے تو کیا وہ 100 سال کی زندگی میں ایک لاکھ قسم کے چاول کے ذائقے کا لطف اٹھا پائے گا؟ پتہ لگائیے۔ سوریا کہتا ہے "ہم جانتے ہیں کہ ایک سال میں کتنے دن ہوتے ہیں- 365، اگر ہم سال کبیسہ (Leap Year) کو نظر انداز کر دیں تو۔ اگر ہم Y سالوں تک زندہ رہتے ہیں تو ہماری زندگی میں کل دنوں کی تعداد $365 \times y$ ہوگی۔"

? Choose a number for y. How close to one lakh is the number of days in y years, for the y of your choice?



Figure it Out - 1.1

1. According to the 2011 Census, the population of the town of Chintamani was about 75,000. How much less than one lakh is 75,000?
2. The estimated population of Chintamani in the year 2024 is 1,06,000. How much more than one lakh is 1,06,000?
3. By how much did the population of Chintamani increase from 2011 to 2024?


Getting a Feel of Large Numbers

You may have come across interesting facts like these:

- The world's tallest statue is the 'Statue of Unity' in Gujarat depicting Sardar Vallabhbhai Patel. Its height is about 180 metres.
- Kunchikal waterfall in Karnataka is said to drop from a height of about 450 metres.


It is not always easy to get a sense of how big these measurements are. But, we can get a better sense of their size when we compare them with something familiar. Let us see an example.

Look at the picture on the right. Ramu is 1 metre tall. If each floor is about four times his height, what is the approximate height of the building?



? Which is taller — The Statue of Unity or this building? How much taller? _____m.

We can see that the height of the Statue of Unity is close to 4 times the height of Ramu's building.



? How much taller is the Kunchikal waterfall than Ramu's building? _____m.

? How many floors should Ramu's building have to be as high as the waterfall? _____ .

Y کے لیے کوئی ایک عدد چن لیجیے۔ Y کے لیے آپ کے چنے ہوئے عدد کے مطابق Y سالوں میں دنوں کی تعداد ایک لاکھ کے کتنے قریب ہوگی؟



حل کیجیے-1.1

1. 2011 کی مردم شماری کے مطابق قصبہ چنتامنی کی آبادی تقریباً 75,000 تھی۔ 75,000 ایک لاکھ سے کتنا کم ہے؟
2. تخمینہ کے مطابق 2024 میں چنتامنی کی آبادی 1,06,000 ہے۔ 1,06,000 ایک لاکھ سے کتنا زیادہ ہے؟
3. سال 2011 سے 2024 تک چنتامنی کی آبادی میں کل کتنا اضافہ ہوا؟


بڑے اعداد کا احساس حاصل کرنا


آپ اس طرح کے دلچسپ حقائق سے واقف ہوں گے:

- دنیا کا سب سے اونچا مجسمہ 'مجسمہ اتحاد Statue of Unity' ہے، جو گجرات میں ہے اور وہ سردار ولبھ بھائی پٹیل کا مجسمہ ہے۔ اس کی اونچائی تقریباً 180 میٹر ہے۔
- کہا جاتا ہے کہ کرناٹک میں کنچیکل (Kunchikal) آبشار تقریباً 450 میٹر کی اونچائی سے گرتا ہے۔

یہ سمجھنا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا ہے کہ کوئی پیمائش کتنی بڑی ہے۔ لیکن جب ہم ان کا موازنہ کسی جانی پہچانی چیز سے کرتے ہیں تو ان کا اندازہ بہتر طور پر ہوتا ہے۔ آیئے ایک مثال سے اسے سمجھتے ہیں۔

بائیں طرف دی ہوئی تصویر کو دیکھیے، رامو 1 میٹر لمبا ہے۔ اگر اس عمارت کی ہر ایک منزل رامو کی لمبائی سے چار گنا زیادہ ہے تو عمارت کی اونچائی تقریباً کتنی ہوگی؟





کون سی چیز زیادہ اونچی ہے- مجسمہ اتحاد یا یہ عمارت؟

کتنی زیادہ اونچی ہے؟ _____ میٹر۔

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ مجسمہ اتحاد کی اونچائی رامو کی عمارت کی اونچائی سے تقریباً 4 گنا ہے۔

کنچیکل آبشار رامو کی عمارت سے کتنا اونچا ہے؟

_____ میٹر۔

رامو کی عمارت میں کتنی منزلیں اور ہونی چاہئیں تاکہ وہ آبشار جتنی اونچی ہو جائے؟ _____

Is One Lakh a Very Large Number?




Ramayya asked Rakshitha and Surya, "Is a lakh big or small?"

Rakshitha feels that 1 lakh is a large number:

- "We had one lakh varieties of rice — that is a lot."
- "Living 1 lakh days would mean living for 274 years — that is a really long time!"
- "If 1 lakh people stood shoulder to shoulder in a line they could stretch as far as 38 kilometres."

Surya, however, thinks it is not that big:



- "Do you know that the cricket stadium in Ahmedabad has a seating capacity of more than 1 lakh? One lakh people in such a small area!"
- "Most humans have 80,000 to 1,20,000 hairs on their heads. Imagine, 1 lakh hairs fit in such a tiny space!"
- "I heard that there are some species of fish where a female fish can lay almost one lakh eggs at once very comfortably. Some even lay tens of lakhs of eggs at a time."

? How do you view a lakh — is a lakh big or small?

Reading and Writing Numbers

We have already been using commas for 5-digit numbers like 45,830 in the Indian place value system. As numbers grow bigger, using commas helps in reading the numbers easily. We use a comma in between the digits representing the "ten thousands" place and the "one lakh" place as you have seen just before (1,00,000).

The number name of 12,78,830 is twelve lakh seventy eight thousand eight hundred thirty.

Similarly, the number 15,75,000 in words is fifteen lakh seventy five thousand.

Write each of the numbers given below in words:

(a) 3,00,600
(b) 5,04,085
(c) 27,30,000
(d) 70,53,138

کیا ایک لاکھ بہت بڑا عدد ہے؟



رامیا نے رکشمیتا اور سوریا سے پوچھا گیا، "ایک لاکھ بڑا عدد ہے یا چھوٹا؟"

رکشمیتا کو لگتا ہے کہ 1 لاکھ ایک بڑا عدد ہے:

- "ہمارے پاس چاول کی ایک لاکھ قسمیں تھیں — جو کہ بہت زیادہ ہے۔"
- "ایک لاکھ دن جینے کا مطلب ہے 274 سال جینا — جو کہ واقعی ایک طویل مدت ہے!"
- "اگر ایک لاکھ لوگ کندھے سے کندھا ملا کر ایک صف میں کھڑے ہوں، تو وہ 38 کلومیٹر کی دوری تک پھیل سکتے ہیں۔" تاہم سوریا کا خیال ہے کہ یہ اتنا بڑا نہیں ہے:



- "کیا آپ جانتے ہیں کہ احمد آباد کے کرکٹ اسٹیڈیم میں ایک لاکھ سے زیادہ لوگوں کے بیٹھنے کی گنجائش ہے — اتنی چھوٹی جگہ میں 1 لاکھ لوگ!"
- "زیادہ تر انسانوں کے سر پر 80,000 سے 1,20,000 تک بال ہوتے ہیں — تصور کیجیے کہ اتنی چھوٹی سی جگہ میں ایک لاکھ بال فٹ ہو گئے ہیں۔"
- "میں نے سنا ہے کہ مچھلیوں کی کچھ اقسام ایسی ہیں جن میں ایک مادہ مچھلی ایک ساتھ بہت آرام سے ایک لاکھ انڈے دے سکتی ہے۔ کچھ تو ایک وقت میں دس لاکھ انڈے بھی دیتی ہیں۔"

آپ ایک لاکھ کو کیسے دیکھتے ہیں — ایک لاکھ بڑا عدد ہے یا چھوٹا؟

اعداد کو پڑھنا اور لکھنا

ہم پہلے ہی ہندوستانی مقامی قدری نظام (Indian Place Value System) میں 5 ہندسوں والے اعداد جیسے 45,830 کے لیے سکتہ (Comma) کا استعمال کرتے آرہے ہیں۔ جیسے جیسے اعداد بڑے ہوتے جاتے ہیں اسی حساب سے سکتوں کا استعمال کرنے سے اعداد کو پڑھنے میں سہولت ہوتی ہے۔ ہم ہندسوں کے درمیان "دس ہزار" اور "ایک لاکھ" کی جگہ کو ظاہر کرنے کے لیے سکتہ کا استعمال کرتے ہیں — جیسا کہ آپ نے پہلے دیکھا ہے (1,00,000)۔

عدد 12,78,830 کو لفظوں میں لکھا جائے تو یہ **بارہ لاکھ اٹھتر ہزار آٹھ سو تیس** ہوگا۔

اسی طرح عدد 15,75,000 کو لفظوں میں لکھا جائے تو یہ **پندرہ لاکھ پچھتر ہزار** ہوگا۔

مندرجہ ذیل اعداد کو لفظوں میں لکھیے:

a) 3,00,600　　b) 5,04,085

c) 27,30,000　　d) 70,53,138

Write the corresponding number in the Indian place value system for each of the following:


(a) One lakh twenty three thousand four hundred and fifty six
(b) Four lakh seven thousand seven hundred and four
(c) Fifty lakhs five thousand and fifty
(d) Ten lakhs two hundred and thirty five

Teacher's Note : Encourage students to make connections between these facts. For example, can the whole population of Amalapuram fit in the stadium? How can we imagine the line of 38 km, having a lakh people, sitting next to each other in the stadium? Add some more connections accordingly.

1.2 Land of Tens

In the **Land of Tens**, there are special calculators with special buttons.

1. The **Tedious Tens** only has a +10 button. How many times should it be pressed to show:



(a) Five hundred? _____
(b) 780? _____
(c) 1000? _____
(d) 3700? _____
(e) 10,000? _____
(f) One lakh? _____
(g) _____? 435 times

2. The **Handy Hundreds** only has a +100 button. How many times should



(a) Four hundred?_____ times
(b) 3,700? _____
(c) 10,000? _____
(d) Fifty three thousand? _____
(e) 90,000? _____
(f) 97,600? _____
(g) 1,00,000? _____

مندرجہ ذیل فقروں کو ہندوستانی مقامی قدری نظام کے مطابق عدد کی صورت میں لکھیے:

(a) ایک لاکھ تینتیس ہزار چار سو چھپن

(b) چار لاکھ سات ہزار سات سو چار

(c) پچاس لاکھ پانچ ہزار پچاس


(d) دس لاکھ دو سو پینتیس

اساتذہ کے لیے نوٹ: طلباء کو ان حقائق کے مابین ربط پیدا کرنے کی ترغیب دیجیے۔ مثال کے طور پر، کیا امل پورم کی پوری آبادی اسٹیڈیم میں سما سکتی ہے؟ کیا ہم اس میں 38 کلو میٹر ایسی لمبی قطار کا تصور کر سکتے ہیں جس میں ایک لاکھ لوگ ایک دوسرے کے آگے پیچھے بیٹھے ہوں؟ اس کے ساتھ مزید ربط شامل کریں۔

1.2 دہائیوں کی دنیا

دہائیوں کی دنیا میں مخصوص بٹن والے خاص تخمینہ کار (Calculator) ہوتے ہیں۔

1. **دبنگ دہائی (Tedious Tens):** تخمینہ کار میں +10 کا صرف ایک بٹن ہے۔ ن نیچے دیے گئے عدد کو دکھانے کے لیے اسے کتنی مرتبہ دبانا ہوگا:



(a) پانچ سو؟ _____

(b) 780؟ _____

(c) 1000؟ _____

(d) 3700؟ _____

(e) 10,000؟ _____

(f) ایک لاکھ؟ _____

(g) 435 مرتبہ؟ _____

2. **شاندار سینکڑے (Handy Hundreds):** تخمینہ کار میں +100 کا صرف ایک بٹن ہے۔ نیچے دیے گئے اعداد کو دکھانے کے لیے کتنی مرتبہ اس بٹن کو دبانا ہوگا:



(a) چار سو؟ _____

(b) 3,700؟ _____

(c) 10,000؟ _____

(d) ترپن ہزار؟ _____

(e) 90,000؟ _____

(f) 97,600؟ _____


(g) 1,00,000؟ _____

(h) _____? 582 times

(i) How many hundreds are required to make ten thousand?

(j) How many hundreds are required to make one lakh?

(k) Handy Hundreds says, "There are some numbers which Tedious Tens and Thoughtful Thousands can't show but I can." Is this statement true? Think and explore.



3. The **Thoughtful Thousands** only has a +1000 button. How many times should it be pressed to show :

(a) Three thousand? 3 times

(b) 10,000? _____

(c) Fifty three thousand? _____

(d) 90,000? _____

(e) One Lakh? _____

(f) _____? 153 times

(g) How many thousands are required to make one lakh?



4. **Creative Chitti** is a different kind of calculator. It has the following buttons:+1, +10, +100, +1000, +10000, +100000 and+1000000. It always has multiple ways of doing things. "How so?", you might ask. To get the number 321, it presses +10 thirty two times and +1 once. Will it get 321? Alternatively, it can press +100 two times and +10 twelve times and +1 once.

5. Two of the many different ways to get 5072 are shown below:

These two ways can be expressed as:

(a) (50 × 100) + (7 × 10) + (2 × 1) = 5072

(b) (3×1000) + (20×100) + (72 ×1) = 5072

? Find a different way to get 5072 and write an expression for the same

Buttons	5072	
+10,00,000		
+1,00,000		
+10,000		
+1,000		3
+100	50	20
+10	7	
+1	2	72



Figure it Out - 1.2

For each number given below, write expressions for at least two different ways to obtain the number through button clicks. Think like Chitti and be creative.


(h) _____ 582؟ مرتبہ

(i) دس ہزار حاصل کرنے کے لیے کتنے سینکڑوں کی ضرورت ہے؟

(j) ایک لاکھ حاصل کرنے کے لیے کتنے سینکڑوں کی ضرورت ہے؟

(k) شاندار سینکڑے تحسیب کار کہتا ہے، "کچھ اعداد ایسے ہیں جو دبنگ دہائی تحسیب کار نہیں دکھا سکتا لیکن میں دکھا سکتا ہوں۔" کیا بیان درست ہے؟ سوچیے اور دریافت کیجیے۔

3. **مفکر ہزاری:** تحسیب کار میں 1000+ کا صرف ایک بٹن ہے۔



نیچے دیے گئے اعداد کو دکھانے کے لیے اسے کتنی مرتبہ دبانا ہوگا:

(a). تین ہزار؟ _____ (b). 10,000؟ _____


(c). ترپین ہزار؟ _____ (d). 90,000؟ _____

(e). ایک لاکھ؟ _____ (f). _____ 153؟ مرتبہ

(g) ایک لاکھ بنانے کے لیے کتنے ہزار درکار ہیں؟

4. **چالاک چٹی:** ایک الگ قسم کا کیالکولیٹر کار ہے اس میں درج ذیل بٹن ہیں:

+1,+10,+100,+1000,+10000,+1,00,000



اس کے پاس ہمیشہ کام کرنے کے کئی طریقے ہوتے ہیں۔ "ایسا کیسے؟" آپ پوچھ سکتے ہیں۔ عدد 321 حاصل کرنے کے لیے یہ 10+ کو تیس مرتبہ اور 1+ کو ایک مرتبہ دباتا ہے۔ کیا اسے 321 حاصل ہوگا؟ یا پھر یہ 100+ کو دو مرتبہ، 10+ کو بارہ مرتبہ اور 1+ کو ایک مرتبہ دبا سکتا ہے۔

Buttons	5072	
+10,00,000		
+1,00,000		
+10,000		
+1,000		3
+100	50	20
+10	7	
+1	2	72

5. 5072 حاصل کرنے کے کئی طریقوں میں سے دو مندرجہ ذیل ہیں:

(a) $(50 \times 100)+(7 \times 10)+(2 \times 1) = 5072$

(b) $(3\times1000)+(20\times100)+(72 \times 1) = 5072$

5072 حاصل کرنے کے لیے مختلف طریقہ تلاش کیجیے اور اس کی حسابی عبارت لکھیے۔



حل کیجیے-1.2

نیچے دیے ہوئے ہر عدد کے لیے بٹن دبانے کے طریقہ کار کے ذریعے نمبر حاصل کرنے کی کم از کم دو مختلف حسابی عبارتیں لکھیے- چٹی کی طرح سوچیں اور چالاک بنیں۔

(a) 8300

(b) 40629

(c) 56354


(d) 66666

(e) 367813

Creative Chitti has some questions for you —

(a) You have to make exactly 30 button presses. What is the largest 3-digit number you can make? What is the smallest 3-digit number you can make?

(b) 997 can be made using 25 clicks. Can you make 997 with a different number of clicks?



Create questions like these and challenge your classmates.

Systematic Sippy is a different kind of calculator. It has the following buttons: +1, +10, +100, +1000, +10000, +100000. It wants to be used as minimally as possible.

? How can we get the numbers (a) 5072, (b) 8300 using as few button clicks as possible?

Find out which buttons should be clicked and how many times to get the desired numbers given in the table. The aim is to click as few buttons as possible.

Here is one way to get the number 5072. This method uses 23 button clicks in total.


Is there another way to get 5072 using less than 23 button clicks? Write the expression for the same.

Buttons	5072
+10,00,000	
+1,00,000	
+10,000	
+1,000	5
+100	0
+10	6
+1	12



Figure it Out - 1.3

1. For the numbers in the previous exercise, find out how to get each number by making the smallest number of button clicks and write the expression.
2. Do you see any connection between each number and the corresponding smallest number of button clicks?
3. If you notice, the expressions for the least button clicks also give the Indian place value notation of the numbers. Think about why this is so.



(a) 8300

(b) 40629


(c) 56354

(d) 66666

(e) 367813

چالاک چیٹی کے پاس آپ کے لیے کچھ سوالات ہیں—

(a) آپ کو ٹھیک 30 مرتبہ بٹن دبانا ہے- 3 ہندسوں والا سب سے بڑا عدد کیا ہے جو آپ حل کر سکتے ہیں؟ 3 ہندسوں والا سب سے چھوٹا عدد کیا ہے جو آپ حل کر سکتے ہیں؟



(b) 25 مرتبہ بٹن دبا کر 997 حاصل کیا جا سکتا ہے۔ کیا آپ کسی اور تعداد میں بٹن دبا کر 997 حاصل کر سکتے ہیں؟ خوب سوچ کر آپ اس طرح کے سوال بنائیے اور اپنے ہم جماعتوں سے پوچھ کر انہیں چیلنج کیجیے۔

منظم پسی ایک مختلف قسم کا تحسیب کار ہے— اس میں درج ذیل بٹن ہیں:

+100000, +10000, +1000, +100, +10, +1

یہ چاہتا ہے کہ اسے استعمال کرتے ہوئے کم سے کم بٹن دبائے جائیں۔

ہم کم سے کم بٹن دبا کر اعداد (a) 5072، (b) 8300 کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟

معلوم کیجیے کہ کون سے بٹن کتنی مرتبہ دبانے ہوں گے تاکہ جدول میں دیے گئے مطلوبہ اعداد حاصل ہو سکیں- مقصد ہے کہ کم سے کم بٹن دبائے جائیں۔

یہاں ایک طریقہ پہلے سے ہے جس سے 5072 حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس طریقے میں مجموعی طور پر 23 مرتبہ بٹن دبایا جاتا ہے۔

کیا کوئی اور طریقہ ہے جس سے 5072 کو 23 سے کم مرتبہ بٹن دبا کر حاصل کیا جا سکے؟ اس کی حسابی عبارت لکھیے۔

Buttons	5072
+10,00,000	
+1,00,000	
+10,000	
+1,000	5
+100	0
+10	6
+1	12



حل کیجیے- 1.3

1. پچھلی مشق میں دیے گئے اعداد کے لیے معلوم کیجیے کہ کم سے کم بٹن دبا کر ہر عدد کو کیسے حاصل کیا جا سکتا ہے اور ان کی حسابی عبارت لکھیے۔



2. آپ کو ہر عدد اور اس کے کم سے کم بٹن دبانے کی تعداد کے درمیان کوئی تعلق نظر آتا ہے؟

3. آپ غور کریں تو کم سے کم بٹن دبانے میں ہندوستانی مقامی قدری نظام بھی جھلکتا ہے۔ سوچیے ایسا کیوں ہے؟

What if we press the +10,00,000 button ten times? What number will come up? How many zeroes will it have? What should we call it? The number will be 100 lakhs, which is also called a crore. 1 crore is written as 1,00,00,000 - it is 1 followed by seven zeroes.

1.3 Of Crores and Crores!

The table below shows some numbers according to both the Indian system and the American system (also called the International system) of naming numerals and placing commas. Observe the placement of commas in both systems.

Indian System		American System	
1,000	One thousand	1,000	One thousand
10,000	Ten thousand	10,000	Ten thousand
1,00,000	One lakh	100,000	Hundred thousand
10,00,000	Ten lakhs	1,000,000	One million
1,00,00,000	One crore	10,000,000	Ten million
10,00,00,000	Ten crores	100,000,000	Hundred million
1,00,00,00,000	One arab or One hundred crores	1,000,000,000	One billion

The Indian system of naming numbers is also followed in Bhutan, Nepal, Sri Lanka, Pakistan, Bangladesh, Maldives, Afghanistan, and Myanmar. The words lakh and crore originate from the Sanskrit words laksha and koti. The American system is also used in many countries.

Observe the number of zeroes in 1 lakh and 1 crore.

1 lakh, written in numbers would be 1 followed by 5 zeroes. 1 crore, written in numbers would be 1 followed by 7 zeroes.

A lakh is a hundred times a thousand, a crore is a hundred times a lakh and an arab is a hundred times a crore (i.e., a hundred thousand is 1 lakh, 100 lakhs is 1 crore, and 100 crores is 1 arab).

How many zeros does a thousand lakh have?

The number 9876501234 can be easily read by placing commas first:

(a) 9,87,65,01,234 → 9 arab 87 crore 65 lakhs 1 thousand and 234 or 987 crore 65 lakh 1 thousand 234 (in the Indian system).

(b) 9,876,501,234 → 9 billion 876 million 501 thousand 234 (in the American system).

اگر ہم دس مرتبہ 10,00,000 + کے بٹن دباتے ہیں تو کیا ہو گا؟ کون سا عدد آئے گا؟ اس میں کتنے صفر ہوں گے؟

اسے ہم کیا نام دیں گے؟ یہ 100 لاکھ ہو گا جسے ایک کروڑ بھی کہا جاتا ہے۔

1 کروڑ کو 1,00,00,000- ایسے لکھا جاتا ہے — اس میں 1 کے بعد سات صفر ہوتے ہیں۔

1.3 کروڑوں اور صرف کروڑوں کی باتیں!

درج ذیل جدول میں کچھ اعداد ہندوستانی مقامی قدری نظام اور کچھ امریکی مقامی قدری نظام (بین الاقوامی مقامی قدری نظام) کے مطابق دیے گئے ہیں۔ دونوں نظاموں میں اعداد کو الفاظ میں لکھنے اور سکتہ لگانے کے طریقے کا مشاہدہ کیجیے —

ہندوستانی عددی نظام		امریکی عددی نظام	
1,000	ہزار	1,000	ہزار
10,000	دس ہزار	10,000	دس ہزار
1,00,000	ایک لاکھ	1,000,000	سو ہزار
10,00,000	دس لاکھ	10,000,000	ایک ملین
1,00,00,000	ایک کروڑ	100,000,000	دس ملین
10,00,00,000	دس کروڑ	1,000,000,000	سو ملین
1,00,00,00,000	سو کروڑ یا ایک ارب	10,000,000,000	ایک بلین

بھوٹان، نیپال، سری لنکا، پاکستان، بنگلہ دیش، مالدیپ، افغانستان اور میانمار میں بھی ہندوستانی نظام ہی استعمال ہوتا ہے۔ لاکھ اور کروڑ سنسکرت کے الفاظ لکش اور کوٹی سے آئے ہیں۔ امریکی نظام بھی کئی ممالک میں استعمال ہوتا ہے۔

- ایک لاکھ اور ایک کروڑ میں صفر کی تعداد کا مشاہدہ کیجیے —
- 1 لاکھ کو ہندسوں میں لکھیں تو 1 کے بعد 5 صفر ہوتے ہیں۔
- ایک کروڑ کو ہندسوں میں لکھیں تو 1 کے بعد 7 صفر ہوتے ہیں۔
- ایک لاکھ ایک ہزار کا سو گنا ہے، ایک کروڑ ایک لاکھ کا سو گنا ہے، اور ایک ارب ایک کروڑ کا سو گنا ہوتا ہے۔

(یعنی سو ہزار = 1 لاکھ، 100 لاکھ = 1 کروڑ، اور 100 کروڑ = 1 ارب ہے)۔

ایک ہزار لاکھ میں کتنے صفر ہوتے ہیں؟ _____

❓ عدد 9876501234 کو سکتہ لگا کر آسانی سے پڑھا جا سکتا ہے:

(a) 9,87,65,01,234 ⟵ 9 ارب 87 کروڑ 65 لاکھ 1 ہزار 234 اور یا 987 کروڑ 65 لاکھ 1 ہزار 234 (ہندوستانی عددی نظام میں) —

(b) 9,876,501,234 ⟵ 9 بلین 876 ملین 501 ہزار 234 (امریکی عددی نظام میں) —



Figure it Out - 1.4

1. Read the following numbers in Indian place value notation and write their number names in both the Indian and American systems:
   (a) 4050678 (b) 48121620
   (c) 20022002 (d) 246813579
   (e) 345000543 (f) 1020304050
2. Write the following numbers in Indian place value notation:
   (a) One crore one lakh one thousand ten
   (b) One billion one million one thousand one
   (c) Ten crore twenty lakh thirty thousand forty
   (d) Nine billion eighty million seven hundred thousand six hundred
3. Compare and write '<', '>' or '=':
   (a) 30 thousand ____ 3 lakhs
   (b) 500 lakhs _____ 5 million
   (c) 800 thousand ____ 8 million
   (d) 640 crore _____ 60 billion
   We shall come across even bigger numbers in later grades.

1.4 Exact and Approximate Values



What do you think of this conversation? Have you read or heard such headlines or statements?

Very often, exact numbers are not required and just an approximation is sufficient. For example, according to the 2011 census, the population of Amalapuram town is 76,068. Instead, saying that the population is about 75,000 is enough to give an idea of how big the quantity is.



حل کیجیے-1.4

1. مندرجہ ذیل اعداد کو ہندوستانی مقامی قدری نظام کے مطابق لکھیے اور ہندوستانی و بین الاقوامی عددی نظام کے مطابق ان کو لفظوں میں لکھیے۔

(الف) 4050678 (ب) 48121620

(ج) 20022002 (د) 246813579

(ہ) 345000543 (و) 1020304050

2. مندرجہ ذیل اعداد کو ہندوستانی مقامی قدری نظام کے مطابق ہندسوں میں لکھیے:

(الف) ایک کروڑ ایک لاکھ ایک ہزار دس

(ب) ایک ارب بیس لاکھ ملین ایک ہزار ایک

(ج) دس کروڑ بیس لاکھ تیس ہزار چالیس

(د) نو ملین تیس لاکھ سات سو ہزار چھ سو

3. موازنہ کیجیے اور "$>$"، "$<$" یا "$=$" کا استعمال کیجیے:

(الف) 30 ہزار _____ 3 لاکھ

(ب) 500 لاکھ _____ 5 ملین

(ج) 800 ہزار _____ 8 ملین


(د) 640 کروڑ _____ 60 ملین

1.4 قطعی درست اور تخمینی قدری



اس گفتگو کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ کیا آپ نے ایسی سرخیاں یا بیانات پڑھے یا سنے ہیں؟

اکثر، قطعی درست اعداد کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ صرف ایک تخمینہ (اندازہ) کافی ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر 2011 کی مردم شماری کے مطابق املاپورم قصبے کی آبادی 76,068 ہے۔ سرسری نگاہ سے یہ کہنا کہ آبادی تقریباً 75,000 ہے، تخمینہ لگانے کے لیے کافی سمجھا جاتا ہے۔



There are situations where it makes sense to round up a number (rounding up is when the approximated number is more than the actual number). For example, if a school has 732 people including students, teachers and staff: the principal might order 750 sweets instead of 700 sweets.


There are situations where it is better to round down (rounding down is when the approximated number is less than the actual number). For example, if the cost of an item is ₹470, the shopkeeper may say that the cost is around ₹450 instead of saying it is around ₹500.

Think and share situations where it is appropriate to (a) round up, (b) round down, (c) either rounding up or rounding down is okay and (d) when exact numbers are needed.

Nearest Neighbours

With large numbers it is useful to know the nearest thousand, lakh or crore. For example, the nearest neighbours of the number 6,72,85,183 are shown in the table below.

Nearest thousand	6,72,85,000
Nearest ten thousand	6,72,90,000
Nearest lakh	6,73,00,000
Nearest ten lakh	6,70,00,000
Nearest crore	7,00,00,000



کچھ حالات میں اعداد کو اوپر کی طرف بڑھانا درست ہوتا ہے۔ (اوپر کی طرف بڑھانے کا مطلب ہے کہ تخمینے والا عدد اصل عدد سے زیادہ ہوتا ہے۔) مثال: اگر کسی اسکول میں طلباء، اساتذہ اور عملہ سمیت کل 732 افراد ہیں، تو پرنسپل 700 مٹھائیوں کے بجائے 750 مٹھائیاں منگوا سکتا ہے۔

کچھ حالات میں اعداد کو نیچے کی طرف گھٹانا بہتر ہوتا ہے۔ (نیچے کی طرف گھٹانے کا مطلب ہے کہ تخمینے والا عدد اصل عدد سے کم ہوتا ہے۔) مثال: اگر کسی چیز کی قیمت 470 روپے ہے، تو دکاندار یہ کہنے کے بجائے کہ اس کی قیمت تقریباً 500 روپے ہے، وہ یہ کہہ سکتا ہے کہ یہ تقریباً 450 روپے کی ہوگی۔

سون چیلو ران حالات کے بارے میں بتائیے جہاں مناسب ہوگا: (a) اوپر کی طرف بڑھانا۔ (b) نیچے کی طرف گھٹانا۔ (c) اوپر یا نیچے دونوں میں سے کسی ایک طرف بڑھانا ٹھیک ہوگا۔ (d) جب قطعی درست اعداد کی ضرورت ہو۔

قریب ترین پڑوسی اعداد


بڑے اعداد کے تعلق سے یہ جاننا سودمند ہوتا ہے کہ ان میں ہزار، لاکھ یا کروڑ کے قریب ترین کون سا عدد ہے۔ مثال کے طور پر عدد 6,72,85,183

6,72,85,000	قریب ترین ہزار
6,72,90,000	قریب ترین دس ہزار
6,73,00,000	قریب ترین لاکھ
6,70,00,000	قریب ترین دس لاکھ
7,00,00,000	قریب ترین کروڑ

? Similarly, write the five nearest neighbours for these numbers:

(a) 3,87,69,957

(b) 29,05,32,481



? I have a number for which all five nearest neighbours are 5,00,00,000. What could the number be? How many such numbers are there?

Hasantika and Srestha are estimating the values of simple expressions.

1. 4,63,128 + 4,19,682,

Hasantika: "The sum is near 8,00,000 and is more than 8,00,000."

Srestha : "The sum is near 9,00,000 and is less than 9,00,000."

(a) Are these estimates correct? Whose estimate is closer to the sum?

(b) Will the sum be greater than 8,50,000 or less than 8,50,000? Why do you think so?

(c) Will the sum be greater than 8,83,128 or less than 8,83,128? Why do you think so?

(d) Exact value of 4,63,128 + 4,19,682 = _____

2. 14,63,128 – 4,90,020

Hasantika: "The difference is near 10,00,000 and is less than 10,00,000."

Srestha : "The difference is near 9,00,000 and is more than 9,00,000."

(a) Are these estimates correct? Whose estimate is closer to the difference?

(b) Will the difference be greater than 9,50,000 or less than 9,50,000? Why do you think so?

(c) Will the difference be greater than 9,63,128 or less than 9,63,128? Why do you think so?

(d) Exact value of 14,63,128 – 4,90,020 = _____

Note to the Teacher: Ask students questions like — "what could the numbers be if the sum had to be less than 8,50,000."

APSCERT



؟ اسی طرح، ان اعداد کے پانچ قریب ترین پڑوسی لکھیے:

3,87,69,957.(a)

29,05,32,481.(b)

؟ میرے پاس ایک عدد ہے جس کے تمام پانچ قریب ترین پڑوسی 5,00,00,000 ہیں۔ وہ عدد کیا ہو سکتا ہے؟ ایسے کتنے اعداد ہو سکتے ہیں؟

حسنتیکا اور سریستھا سادہ عبارات کی قدر کا تخمینہ لگا رہی ہیں:

4,19,682 + 4,63,128.1

- حسنتیکا: "حاصلِ جمع تقریباً 8,00,000 کے قریب ہے اور 8,00,000 سے زیادہ ہے۔"
- سریستھا: "حاصلِ جمع 9,00,000 کے قریب ہے اور 9,00,000 سے کم ہے۔"

(a) کیا یہ اندازے درست ہیں؟ کس کا اندازہ حاصلِ جمع کے قریب ہے؟

(b) کیا حاصلِ جمع 8,50,000 سے زیادہ ہو گا یا کم؟ آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے؟

(c) کیا حاصلِ جمع 8,83,128 سے زیادہ ہو گا یا کم؟ آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے؟

(d) 4,19,682 + 4,63,128 کی قطعی درست قدر = _____ ہے۔

4,90,020 - 14,63,128.2

- حسنتیکا: "فرق تقریباً 10,00,000 کے قریب ہے اور 10,00,000 سے کم ہے۔"
- سریستھا: "فرق تقریباً 9,00,000 کے قریب ہے اور 9,00,000 سے زیادہ ہے۔"

(a) کیا یہ تخمینے درست ہیں؟ کس کا تخمینہ فرق کے زیادہ قریب ہے؟

(b) کیا فرق 9,50,000 سے زیادہ ہو گا یا کم؟ آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے؟

(c) کیا فرق 9,63,128 سے زیادہ ہو گا یا کم؟ آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے؟

(d) 14,63,128 - 4,90,020 کی قطعی درست قدر = _____ ہے۔

اساتذہ کے لیے نوٹ: طلبہ سے اس طرح کے سوالات پوچھیے جیسے "اگر حاصلِ جمع 8,50,000 سے کم ہو تو اعداد کیا ہو سکتے ہیں؟"

AP SCERT

Populations of Cities

Observe the populations of some Indian cities in the table below.

Rank	City	Population (2011)	Population (2001)
1	Mumbai	1,24,42,373	1,19,78,450
2	New Delhi	1,10,07,835	98,79,172
3	Bengaluru	84,25,970	43,01,326
4	Hyderabad	68,09,970	36,37,483
5	Ahmedabad	55,70,585	35,20,085
6	Chennai	46,81,087	43,43,645
7	Kolkata	44,86,679	45,72,876
8	Surat	44,67,797	24,33,835
9	Vadodara	35,52,371	16,90,000
10	Pune	31,15,431	25,38,473
11	Jaipur	30,46,163	23,22,575
12	Lucknow	28,15,601	21,85,927
13	Kanpur	27,67,031	25,51,337
14	Nagpur	24,05,665	20,52,066
15	Indore	19,60,631	14,74,968
16	Thane	18,18,872	12,62,551
17	Bhopal	17,98,218	14,37,354
18	Visakhapatnam	17,28,128	13,45,938
19	Pimpri-Chinchwad	17,27,692	10,12,472
20	Patna	16,84,222	13,66,444

AP SCERT

شہروں کی آبادی

مندرجہ ذیل جدول میں کچھ ہندوستانی شہروں کی آبادی کا مشاہدہ کیجیے:

	شہر	آبادی(2011)	آبادی(2001)
1	ممبئی	1,24,42,373	1,19,78,450
2	نئی دہلی	1,10,07,835	98,79,172
3	بنگلور	84,25,970	43,01,326
4	حیدرآباد	68,09,970	36,37,483
5	احمد آباد	55,70,585	35,20,085
6	چنئی	46,81,087	43,43,645
7	کولکتہ	44,86,679	45,72,876
8	سورت	44,67,797	24,33,835
9	وڈودرا	35,52,371	16,90,000
10	پونے	31,15,431	25,38,473
11	جے پور	30,46,163	23,22,575
12	لکھنؤ	28,15,601	21,85,927
13	کانپور	27,67,031	25,51,337
14	ناگپور	24,05,665	20,52,066
15	اندور	19,60,631	14,74,968
16	تھانے	18,18,872	12,62,551
17	بھوپال	17,98,218	14,37,354
18	وشاکھاپٹنم	17,28,128	13,45,938
19	پمپری-چنچواڑ	17,27,692	10,12,472
20	پٹنہ	16,84,222	13,66,444

APSCERT

From the information given in the table, answer the following questions by approximation:

1. What is your general observation about this data? Share it with the class.
2. How much is the population of Pune in 2011? Approximately, by how much has it increased compared to 2001?
3. Which city's population increased the most between 2001 and 2011?
4. Are there cities whose population has almost doubled? Which are they?
5. By what number should we multiply Patna's population to get a number/population close to that of Mumbai?

Fascinating Facts about Large Numbers

Some interesting facts about large numbers are hidden below. Calculate the product or quotient to uncover the facts. Once you find the product or quotient, read the number in both Indian and American naming systems. Share your thoughts and questions about the fact with the class after you discover each number.

1250×380

is the number of kirtanas composed by Purandaradasa according to legends.
Purandaradasa was a composer and singer in the 15th century. His kirtanas spanned social reform, bhakti and spirituality. He systematised methods for teaching Carnatic music which is followed to the present day.





How many years did he live to compose so many songs? At what age did he start composing songs? If he composed 4,75,000 songs, how many songs per year did he have to compose?

© NCERT

جدول میں دی ہوئی معلومات کی روشنی میں مندرجہ ذیل سوالات کا اندازہ لگا کر جواب دیجیے:

1. آپ کا اس ڈیٹا کے بارے میں عمومی مشاہدہ کیا ہے؟ کلاس کو بتائیے۔
2. 2011 میں پونے کی آبادی کتنی تھی؟ 2001 کے مقابلے میں تقریباً اس میں کتنا اضافہ ہوا؟
3. 2001 اور 2011 کے درمیان کس شہر کی آبادی میں سب سے زیادہ اضافہ ہوا؟
4. کیا ایسے شہر ہیں جن کی آبادی تقریباً دوگنی ہو گئی؟ وہ کون سے ہیں؟
تینوں مرحلوں کے بعد اس کے کل عدد کیا ہوں گے؟

اس کے کل عدد تینوں مرحلوں کے عددوں کا مجموعہ ہوں گے: $(7p - 3q) + (8p - 4q) + (6p - 2q)$

چونکہ حدود کو کسی بھی ترتیب میں جمع کیا جاسکتا ہے، اس لیے ہم قوسین ہٹا کر لکھ سکتے ہیں:

$7p + -3q + 8p + -4q + 6p + -2q$

$= 7p + 8p + 6p + (-3q) + (-4q) + (-2q)$ (ترتیب بدلنے اور گروہ بندی کے ذریعے)

$= (7 + 8 + 6)p + [-(3 + 4 + 2)q]$

$= 21p + (-9q)$

$= 21p - 9q$

تین مرحلوں کے بعد چارو کے کل عدد $21p - 9q$ ہیں۔ اس کی دوست کویتا کے تین مرحلوں کے بعد عدد $23p - 7q$ ہیں۔

Give some possible scores for Krishita in the three rounds so that they add up to give 23p – 7q.

Can we say who scored more? Can you explain why?

How much more has Krishita scored than Charu? This can be found by finding the difference between the two scores.

23p – 7q – (21p – 9q)

Simplify this expression further.

Example 9: Simplify the expression 4 (x + y) – y

Using the distributive property, this expression can be simplifiedto

$$4 (x + y) – y = 4x + 4y – y$$
$$= 4x + 4y + (–y)$$
$$= 4x + (4 – 1)y$$
$$= 4x + 3y.$$

Example 10: Are the expressions 5u and 5 + u equal to each other?


The expression 5u means 5 times the number u,


and the expression 5 + u means 5 more than the number u.

These two being different operations, they should give different values for most values of u.

Let us check this.

Fill the blanks below by replacing the letter-numbers by numbers; an example is shown. Then compare the values that 5u and 5 + u take.





If the expressions 5u and 5 + u are equal, then they should take the same values for any given value of u. But we can see that they do not. So, these two expressions are not equal.

AP SCERT

کرشی تا(krishita) کے تین مرحلوں کے لیے کچھ ممکنہ نمبر لکھیے جنہیں جمع کرنے پر $23p - 7q$ حاصل ہو۔

کیا ہم کہہ سکتے ہیں کہ کس نے زیادہ نمبر حاصل کیے؟ وضاحت کیجیے کہ کیوں۔

کرشی تا(krishita) نے چارو سے کتنے زیادہ نمبر حاصل کیے؟ یہ دونوں کے نمبروں کا فرق معلوم کرکے حاصل کیا جاسکتا ہے: $23p - 7q - (21p - 9q)$

اس عبارت کو مزید سادہ کیجیے۔

مثال 9: عبارت $4(x + y) - y$ کو سادہ کیجیے۔ تقسیمی خاصیت استعمال کرتے ہوئے اس عبارت کو یوں سادہ کیا جاسکتا ہے:


$$4(x + y) - y = 4x + 4y - y$$
$$= 4x + 4y + (-y)$$
$$= 4x + (4 - 1)y$$
$$= 4x + 3y$$


مثال 10: کیا عبارتیں $5u$ اور $u + 5$ ایک دوسرے کے مساوی ہیں؟ عبارت $5u$ کا مطلب ہے عدد u کا 5 گنا، اور عبارت $u + 5$ کا مطلب ہے عدد u سے 5 زیادہ۔

چونکہ یہ دونوں مختلف اعمال ہیں، اس لیے u کی اکثر قیمتوں کے لیے ان کی قیمتیں مختلف ہوں گی۔

آیئے اسے جانچتے ہیں۔

نیچے دیے گئے خالی مقامات کو حرفی اعداد کی جگہ اعداد رکھ کر پُر کیجیے؛ ایک مثال دی گئی ہے۔ پھر $5u$ اور $u + 5$ کی حاصل ہونے والی قیمتوں کا موازنہ کیجیے۔







اگر عبارتیں $5u$ اور $u + 5$ ایک دوسرے کے مساوی ہوں، تو u کی کسی بھی دی گئی قیمت کے لیے ان کی قیمتیں بھی مساوی ہونی چاہیے۔ لیکن ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ایسا نہیں ہے۔ اس لیے یہ دونوں عبارتیں مساوی نہیں ہیں۔

AP SCERT

Are the expressions 10y – 3 and 10(y – 3) equal?

10y – 3, short for 10 × y – 3, means 3 less than 10 times y,
10(y – 3), short for 10 × (y – 3), means 10 times (3 less than y).
Let us compare the values that these expressions take for different values of y.






After filling in the two diagrams, do you think the two expressions are equal?

Example 11: What is the sum of the numbers in the picture (unknown values are denoted by letter-numbers)?

There are many ways to go about it. Here, we show some of them.



1. Adding row wise gives:
   $(4 \times 3) + (r + s) + (r + s) + (4 \times 3)$
2. Adding like terms together gives:
   $(8 \times 3) + (r + r) + (s + s)$
3. Adding the upper half and doubling gives:
   $2 \times (4 \times 3 + r + s)$

The three expressions might seem different. We can simplify each one and see that they all are the same: 2r + 2s + 24.



Figure it Out - 4.2

1. Add the numbers in each picture below. Write their corresponding expressions and simplify them. Try adding the numbers in each picture in a couple different ways and see that you get the same thing.





کیا عبارتیں $10y - 3$ اور $10(y - 3)$ ایک دوسرے کے برابر ہیں؟

$10y - 3$، جو $10 \times y - 3$ کی مختصر صورت ہے، اس کا مطلب ہے y، 10 گنا سے 3 کم۔

$10(y - 3)$، جو $10 \times (y - 3)$ کی مختصر صورت ہے، اس کا مطلب ہے y سے 3 کم کا 10 گنا۔

آیئے مختلف قیمتوں کے لیے y کی جگہ اعداد رکھ کر ان عبارتوں کی قیمتوں کا موازنہ کرتے ہیں۔





دونوں خانے پُر کرنے کے بعد، کیا آپ سمجھتے ہیں کہ یہ دونوں عبارتیں برابر ہیں؟


مثال 11: شکل میں موجود اعداد کا مجموعہ کیا ہے؟ (نامعلوم قیمتوں کو حرفی اعداد سے ظاہر کیا گیا ہے۔)

اسے حل کرنے کے کئی طریقے ہیں۔ یہاں ہم ان میں سے کچھ دکھاتے ہیں۔

1. قطار وار جمع کرنے سے حاصل ہوتا ہے: $(4 \times 3) + (r + s) + (r + s) + (4 \times 3)$

2. یکساں حدود کو ایک ساتھ جمع کرنے سے حاصل ہوتا ہے:

$(8 \times 3) + (r + r) + (s + s)$



3. اوپر والے نصف کو جمع کر کے اس کا دگنا کرنے سے حاصل ہوتا ہے:

$2 \times (4 \times 3 + r + s)$

یہ تینوں عبارتیں دیکھنے میں مختلف لگتی ہیں، لیکن اگر ہم ہر ایک کو سادہ کریں تو معلوم ہو گا کہ سب ایک ہی ہیں: $2r + 2s + 24$




حل کیجیے–4.2



1. ہر تصویر میں موجود اعداد کو جمع کیجیے۔ ان کی متعلقہ عبارتیں لکھیے اور انہیں آسان کیجیے۔

ہر تصویر میں اعداد کو دو مختلف طریقوں سے جمع کرنے کی کوشش کیجیے اور دیکھیے کہ آپ کو ایک ہی جواب حاصل ہوتا ہے۔



2. Simplify each of the following expressions:
   (a) p + p + p + p, p + p + p + q, p + q + p – q,
   (b) p – q + p – q, p + q – p + q,
   (c) p + q – (p + q), p – q – p – q
   (d) 2d – d – d – d, 2d – d – d – c,
   (e) 2d – d – (d – c), 2d – (d – d) – c,
   (f) 2d – d – c – c


Mind the Mistake, Mend the Mistake

Some simplifications of algebraic expressions are done below. The expression on the right-hand side should be in its simplest form.

- Observe each of them and see if there is a mistake.
- If you think there is a mistake, try to explain what might have gone wrong.
- Then, simplify it correctly.

Expression	Simplest Form	Correct Simplest Form
1. 3a + 2b	5	
2. 3b – 2b – b	0	
3. 6 (p + 2)	6p + 8	
4. (4x + 3y) – (3x + 4y)	x + y	
5. 5 – (2 – 6z)	3 – 6z	
6. 2 + (x + 3)	2x – 6	
7. 2y + (3y – 6)	– y + 6	
8. 7p – p + 5q – 2q	7p + 3q	
9. 5 (2w + 3x + 4w)	10w + 15x + 20w	
10. 3j + 6k + 9h + 12	3 (j + 2k + 3h + 4)	
11. 4 (2r + 3s + 5)	– 20 – 8r – 12s	

© NCERT



2. درج ذیل عبارتوں کو مختصر کیجیے:

(a) p + p + p + p, p + p + p + q, p + q + p - q,
(b) p - q + p - q, p + q - p + q,
(c) p + q - (p + q), p - q - p - q
(d) 2d - d - d - d, 2d - d - d - c,
(e) 2d - d - (d - c), 2d - (d - d) - c,
(f) 2d - d - c - c

غلطی کو پہچانیے، درست کیجیے

ذیل میں کچھ الجبری عبارتوں کی سادہ کاری کی گئی ہے۔ دائیں جانب دی گئی عبارت اپنی مختصر ترین صورت میں ہونی چاہیے۔

- ہر مثال کا مشاہدہ کیجیے اور دیکھیے کہ آیا اس میں کوئی غلطی ہے یا نہیں۔
- اگر آپ سمجھتے ہیں کہ غلطی ہے، تو وضاحت کیجیے کہ کیا غلط ہوا ہو گا۔
- پھر عبارت کو صحیح طریقے سے مختصر کیجیے۔

عبارت	سادہ صورت	صحیح سادہ ترین صورت
1. 3a + 2b	5	
2. 3b - 2b - b	0	
3. 6 (p + 2)	6p + 8	
4.(4x + 3y) - (3x + 4y)	x + y	
5. 5 - (2 - 6z)	3 - 6z	
6. 2 + (x + 3)	2x - 6	
7. 2y + (3y - 6)	- y + 6	
8. 7p - p + 5q - 2q	7p + 3q	
9. 5 (2w + 3x + 4w)	10w + 15x + 20w	
10. 3j + 6k + 9h + 12	3 (j + 2k + 3h + 4)	
11. 4 (2r + 3s + 5)	- 20 - 8r - 12s	

? Take a look at all the corrected simplest forms (i.e. brackets are removed, like terms are added, and terms with only numbers are also added). Is there any relation between the number of terms and the number of letter-numbers these expressions have?

4.5 Pick Patterns and Reveal Relationships


In the first section we got a glimpse of algebraic expressions and how to use them to describe simple patterns and relationships in a concise and elegant manner. Here, we continue to look for general relationships between quantities in different scenarios, find patterns and, interestingly, even explain why these patterns occur.

Remember the importance of describing in simple language, or visualising mathematical relationships, before trying to write them as expressions.

Formula Detective

Look at the picture given. In each case, the number machine takes in the 2 numbers at the top of the 'Y' as inputs, performs some operations and produces the result at the bottom. The machine performs the same operations on its inputs in each case.

? Find out the formula of this number machine.



The formula for the number machine above is "two times the first number minus the second number". When written as an algebraic expression, the formula is 2a – b. The expression for the first set of inputs is 2 × 5 – 2 = 8. Check that the formula holds true for each set of inputs.

APSCERT

؟ تمام درست کی گئی سادہ صورتوں کو دیکھیے (یعنی قوسین ہٹادی گئی ہیں، یکساں حدود کو جمع کیا گیا ہے، اور صرف اعداد والی حدود کو بھی جمع کیا گیا ہے)۔ کیا ان عبارتوں میں حدود کی تعداد اور حرفی اعداد کی تعداد کے درمیان کوئی تعلق ہے؟

4.5 نمونے تلاش کریں اور تعلقات ظاہر کریں


پہلے حصے میں ہم نے الجبری عبارتوں کی ایک جھلک دیکھی اور یہ سیکھا کہ کس طرح ان کی مدد سے سادہ نمونوں اور تعلقات کو مختصر اور خوبصورت انداز میں بیان کیا جاسکتا ہے۔ یہاں ہم مختلف صورتوں میں مقداروں کے درمیان عمومی تعلقات تلاش کرنا جاری رکھیں گے، نمونے معلوم کریں گے، اور دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ بھی سمجھیں گے کہ یہ نمونے کیوں پیدا ہوتے ہیں۔

یاد رکھیے کہ ریاضیاتی تعلقات کو عبارت کی صورت میں لکھنے سے پہلے انہیں سادہ زبان میں بیان کرنا یا ان کا تصور قائم کرنا بہت اہم ہے۔

ضابطے کی کھوج

دی گئی شکل کو غور سے دیکھیے۔ ہر صورت میں عددی مشین Y کی اوپر والی دونوں شاخوں میں موجود 2 اعداد کو بطور داخلہ لیتی ہے، ان پر کچھ عمل کرتی ہے، اور نیچے نتیجہ دیتی ہے۔ یہ مشین ہر صورت میں اپنے داخل شدہ اعداد پر ایک ہی عمل انجام دیتی ہے۔


؟ اس عددی مشین کا ضابطہ معلوم کیجیے۔




اوپر دی گئی عددی مشین کا ضابطہ ہے، "پہلے عدد کے دوگنے کو دوسرے عدد سے تفریق"۔ جب اسے الجبری عبارت کی صورت میں لکھا جائے تو ضابطہ ہوگا: $2a - b$۔ پہلے مجموعہ اعداد کے لیے عبارت ہوگی: $2 \times 5 - 2 = 8$۔

جانچ کیجیے کہ یہ ضابطہ ہر مجموعہ اعداد کے لیے درست ثابت ہوتا ہے۔

Find the formulas of the number machines below and write the expression for each set of inputs.



expression: expression: expression: expression: expression:




expression: expression: expression: expression: expression:

Now, make a formula on your own. Write a few number machines as examples using that formula. Challenge your classmates to figure it out!

Note to the Teacher: Not just solving problems but creating new questions is also very much a part of learning and doing mathematics!


Algebraic Expressions to Describe Patterns

Example 12 : Dhatri noticed a repeating pattern along the border of a saree.



Dhatri wonders if there is a way to describe all the positions where the (i) Design A occurs, (ii) Design B occurs, and (iii) Design C occurs.

نیچے دی گئی عددی مشینوں کے فارمولے معلوم کیجیے اور ہر مجموعۂ اعداد کے لیے عبارت لکھیے۔



اب اپنا ایک فارمولا بنائیے۔ اس فارمولے کو استعمال کرتے ہوئے چند عددی مشینوں کی مثالیں لکھیے۔ پھر اپنے جماعتی ساتھیوں کو چیلنج دیجیے کہ وہ اس فارمولے کو معلوم کریں!

معلم کے لیے نوٹ: صرف مسائل حل کرنا ہی نہیں بلکہ نئے سوالات بنانا بھی ریاضی سیکھنے اور کرنے کا ایک اہم حصہ ہے!

نمونوں کو بیان کرنے کے لیے الجبری عبارتیں

مثال 12: دھاتری نے ایک ساڑی کے کنارے پر دہرایا جانے والا نمونہ دیکھا۔



دھاتری سوچتی ہے کہ کیا کوئی ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعے ان تمام مقامات کو بیان کیا جا سکے جہاں:

(i) ڈیزائن A آتا ہے، (ii) ڈیزائن B آتا ہے، اور (iii) ڈیزائن C آتا ہے۔

APSCERT

Let us start with design C. It appears for the first time at position 3, the second time at position 6.

? Where would design C appear for the nth time?

We can see that this design appears in positions that are multiples of 3. So the nth occurrence of Design C will be at position 3n.

? Similarly, find the formula that gives the position where the other Designs appear for the nth time.

The positions where B occurs are 2, 5, 8, 11, 14, and so on.

We can see that the position of the nth appearance of Design B is one less than the position at which Design C appears for the nth time. Thus, the nth occurrence of Design B is at position:

$$3n - 1$$

Similarly, the expression describing the position at which the design A appears for the nth time is: $3n - 2$.

? Given a position number can we find out the design that appears there? Which Design appears at Position 122?

If the position is a multiple of 3, then clearly we have Design C. As seen earlier, if the position is one less than a multiple of 3, it has Design B, and if it is 2 less than a multiple of 3, then it has Design A.

? Can the remainder obtained by dividing the position number by 3 be used for this? Observe the table below.

Position no.	Quotient on division by 3	Remainder
99	33	0
122	40	2
148	49	1

? Use this to find what design appears at positions 99, 122, and 148.

Patterns in a Calendar

Here is the calendar of November 2024. Consider 2 × 2 squares, as marked in the calendar. The numbers in this square show an interesting property.

آیئے ڈیزائن C سے آغاز کرتے ہیں۔ یہ پہلی بار مقام 3 پر ظاہر ہوتا ہے اور دوسری بار مقام 6 پر۔

n ویں بار ڈیزائن C کس مقام پر ظاہر ہوگا؟

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ یہ ڈیزائن اُن مقامات پر آتا ہے جو 3 کے مضارب ہیں۔ لہٰذا ڈیزائن C کی n ویں بار موجودگی مقام 3n پر ہوگی۔

اسی طرح وہ فارمولا معلوم کیجیے جو دوسرے ڈیزائنوں کی n ویں بار موجودگی کا مقام بتاتا ہے۔

وہ مقامات جہاں ڈیزائن B آتا ہے یہ ہیں: 2، 5، 8، 11، 14، ...

ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ڈیزائن B کی n ویں بار موجودگی کا مقام، ڈیزائن C کی n ویں بار موجودگی کے مقام سے ایک کم ہے۔ لہٰذا ڈیزائن B کی n ویں بار موجودگی کا مقام ہوگا: $3n - 1$

اسی طرح وہ عبارت جو ڈیزائن A کی n ویں بار موجودگی کا مقام ظاہر کرتی ہے، یہ ہے: $3n - 2$

اگر ہمیں کوئی مقام نمبر دیا جائے تو کیا ہم معلوم کرسکتے ہیں کہ وہاں کون سا ڈیزائن ہوگا؟ مقام 122 پر کون سا ڈیزائن ظاہر ہوگا؟

اگر مقام 3 کا مضرب ہو تو واضح طور پر وہاں ڈیزائن C ہوگا۔ جیسا کہ پہلے دیکھا گیا، اگر مقام 3 کے کسی مضرب سے ایک کم ہو تو وہاں ڈیزائن B ہوگا، اور اگر مقام 3 کے کسی مضرب سے 2 کم ہو تو وہاں ڈیزائن A ہوگا۔

کیا 3 سے مقام نمبر تقسیم کرنے پر حاصل ہونے والا باقی اس کام میں استعمال کیا جاسکتا ہے؟ نیچے دی گئی جدول کا مشاہدہ کیجیے۔

مقام عدد	3 سے تقسیم کرنے پر باقی	باقی
99	33	0
122	40	2
148	49	1

اس کا استعمال کرتے ہوئے معلوم کیجیے کہ مقامات 99، 122، اور 148 پر کون سا ڈیزائن ظاہر ہوگا۔

کیلنڈر میں نمونے

یہ نومبر 2024 کا کیلنڈر ہے۔ کیلنڈر میں نشان زدہ 2 × 2 خانوں والے مربعوں پر غور کیجیے۔ اس مربع میں موجود اعداد ایک دلچسپ خاصیت ظاہر کرتے ہیں۔

November 2024

Mon	Tue	Wed	Thu	Fri	Sat	Sun
					1	2
3	4	5	6	7	8	9
10	11	12	13	14	15	16
17	18	19	20	21	22	23
24	25	26	27	28	29	30

12	13
19	20

Let us take the marked 2 × 2 square, and consider the numbers lying on the diagonals; 12 and 20; 13 and 19. Find their sums; 12 + 20, 13 + 19. What do you observe?

They are equal.

Let us extend the numbers in the calendar beyond 30, creating endless rows.

November 2024

Mon	Tue	Wed	Thu	Fri	Sat	Sun
					1	2
3	4	5	6	7	8	9
10	11	12	13	14	15	16
17	18	19	20	21	22	23
24	25	26	27	28	29	30
31	32	33	34	35	36	37
38	39	40	41	42	43	44
⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮

? Will the diagonal sums be equal in every 2 × 2 square in this endless grid? How can we be sure?

To be sure of this we cannot check with all 2 × 2 squares as there are an unlimited number of them.

Let us consider a 2 × 2 square. Its top left number can be any number.

Let us call it 'a'.

? Given that we know the top left number, how do we find the other numbers in this 2 × 2 square? As we have been doing, first let us describe the other numbers in words.

a	?
?	?

November 2024

Mon	Tue	Wed	Thu	Fri	Sat	Sun
					1	2
3	4	5	6	7	8	9
10	11	12	13	14	15	16
17	18	19	20	21	22	23
24	25	26	27	28	29	30

آیئے نشان زد 2 × 2 مربع کو لیتے ہیں اور اس میں موجود ترچھی سمتوں کے اعداد کو دیکھتے ہیں؛

12	13
19	20

12 اور 20؛ 13 اور 19۔ ان کے مجموعے نکالتے ہیں: 12 + 20، 13 + 19۔

آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں؟

یہ برابر ہیں۔

آیئے کیلنڈر میں 30 سے آگے بھی اعداد کو بڑھا دیتے ہیں، اور لامحدود قطاریں بنا دیتے ہیں۔

November 2024

Mon	Tue	Wed	Thu	Fri	Sat	Sun
					1	2
3	4	5	6	7	8	9
10	11	12	13	14	15	16
17	18	19	20	21	22	23
24	25	26	27	28	29	30
31	32	33	34	35	36	37
38	39	40	41	42	43	44
⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮	⋮

کیا ہر 2 × 2 مربع میں ترچھی سمتوں کے مجموعے برابر ہوں گے؟ ہم اس بات کا یقین کیسے کر سکتے ہیں؟

اس بات کا یقین کرنے کے لیے ہم تمام 2 × 2 مربعوں کو نہیں دیکھ سکتے کیونکہ ان کی تعداد لامحدود ہے۔

آیئے ایک 2 × 2 مربع پر غور کرتے ہیں۔ اس کا اوپر بائیں نمبر کوئی بھی عدد ہو سکتا ہے۔

اسے ہم 'a' کہتے ہیں۔

اب ہمیں معلوم ہے کہ اوپر بائیں نمبر کیا ہے، تو ہم اس 2 × 2 مربع کے باقی اعداد کیسے معلوم کریں؟ جیسا کہ ہم پہلے کر رہے ہیں، پہلے ہم باقی اعداد کو الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔

a	?
?	?

- the number to the right of 'a' will be 1 more than it.
- the number below 'a' will be 7 more than it.
- the number diagonal to 'a' will be 8 more than it.

So the other numbers in the 2 × 2 square can be represented as shown in the grid. Let us find the diagonal sums; a + (a + 8), and (a + 1) + (a + 7). Let us simplify them.

a	a + 1
a+7	a + 8

Since the terms can be added in any order, the brackets can be opened.

a + (a + 8) = a + a + 8 = 2a + 8

(a + 1) + (a + 7) = a + 1 + a + 7 = a + a + 1 + 7 = 2a + 8

We see that both diagonal sums are equal to 2a + 8 (8 more than 2 times a).

? Verify this expression for diagonal sums by considering any 2 × 2 square and taking its top left number to be 'a'.

Thus, we have shown that diagonal sums are equal for any value of a, i.e., for any 2 × 2 square!



This problem is an example that shows the power of algebraic modelling in verifying whether a pattern will always hold.

Consider a set of numbers from the calendar (having endless rows) forming under the following shape:

	8	
14	15	16
	22	


? Find the sum of all the numbers. Compare it with the number in the centre: 15. Repeat this for another set of numbers that forms this shape. What do you observe?

We see that the total sum is always 5 times the number in the centre.


? Will this always happen? How do you show this?

[**Hint:** Consider a general set of numbers that forms this shape.

Take the number at the centre to be 'a'. Express the other numbers in terms of 'a'.]



Find other shapes for which the sum of the numbers within the figure is always a multiple of one of the numbers.



a	a + 1
a+7	a + 8

- 'a' کے دائیں طرف موجود عدد اس سے 1 زیادہ ہو گا۔
- 'a' کے نیچے موجود عدد اس سے 7 زیادہ ہو گا۔
- 'a' کے ترچھے سمت میں موجود عدد اس سے 8 زیادہ ہو گا۔

اس طرح 2 × 2 مربع کے باقی اعداد کو درج ذیل شکل میں ظاہر کیا جاسکتا ہے۔ اب ہم ترچھی سمتوں کے مجموعے نکالتے ہیں: $a + (a + 8)$، اور $(a + 1) + (a + 7)$۔

آیئے انہیں سادہ کرتے ہیں۔

چونکہ اجزاء کو کسی بھی ترتیب میں جمع کیا جاسکتا ہے، اس لیے قوسین کھولے جاسکتے ہیں۔

$$a + (a + 8) = a + a + 8 = 2a + 8$$

$$(a + 1) + (a + 7) = a + 1 + a + 7 = a + a + 1 + 7 = 2a + 8$$

ہم دیکھتے ہیں کہ دونوں ترچھی سمتوں کے مجموعے $2a + 8$ کے برابر ہیں (یعنی a کے دوگنا سے 8 زیادہ)۔

اس اظہار کی تصدیق کسی بھی 2 × 2 مربع کو لے کر کی جاسکتی ہے اور اس کے اوپر بائیں عدد کو 'a' فرض کر کے کیا جاسکتا ہے۔

اس طرح ہم نے دکھادیا کہ کسی بھی a کی قیمت کے لیے، یعنی کسی بھی 2 × 2 مربع کے لیے ترچھی سمتوں کے مجموعے برابر ہوتے ہیں!



یہ مسئلہ اس بات کی ایک مثال ہے جو ظاہر کرتی ہے کہ الجبری ماڈلنگ کی طاقت کیا ہے، یعنی یہ جانچنے میں کہ آیا کوئی نمونہ ہمیشہ درست رہے گا یا نہیں۔

اب کیلنڈر (لامحدود قطاروں کے ساتھ) میں اعداد کا ایک مجموعہ دیکھیں جو درج ذیل شکل بناتا ہے:

	8	
14	15	16
	22	

اب اس شکل میں موجود تمام اعداد کا مجموعہ معلوم کریں۔ اس کا موازنہ درمیان والے عدد 15 سے کریں۔



اسی شکل کے دوسرے مجموعے کے لیے بھی یہی عمل دہرائیں۔ آپ کیا مشاہدہ کرتے ہیں؟

ہم دیکھتے ہیں کہ کل مجموعہ ہمیشہ درمیان والے عدد کا 5 گنا ہوتا ہے۔

کیا یہ ہمیشہ ایسا ہو گا؟ ہم اسے کیسے ثابت کر سکتے ہیں؟


[**اشارہ:** اس شکل کے لیے اعداد کا ایک عمومی مجموعہ لیں۔ درمیان والے عدد کو 'a' فرض کریں۔ باقی اعداد کو 'a' کی مدد سے ظاہر کریں]۔



ان دیگر اشکال کو تلاش کریں جن میں شکل کے اندر موجود اعداد کا مجموعہ ہمیشہ کسی ایک عدد کا اضعاف ہو۔

Matchstick Patterns

Look at the picture below. It is a pattern using matchsticks. Can you identify what the pattern is?



We can see that Step 1 has 1 triangle, Step 2 has 2 triangles, Step 3 has 3 triangles, and so on.

Can you tell how many matchsticks there will be in the next step, Step 5? It is 11. You can also draw this and see.

How many matchsticks will there be in Step 33, Step 84, and Step 108? Of course, we can draw and count, but is there a quicker way to find the answers using the pattern present here?

What is the general rule to find the number of matchsticks in the next step? We can see that at each step 2 matchsticks are placed to get the next one, i.e., the number of matchsticks increases by 2 every time.

Step Number	1	2	3	4	5	6
No. of Matchsticks	3	5	7	9	11	13

Think of a way to use this to find out the number of matchsticks in Step 33 (without continuing to write the numbers).


As each time 2 matchsticks are being added, finding out how many 2s will be added in Step 33 will help. Look at the table below and try to find out.

Step Number	1	2	3	4	5	6
No. of Matchsticks	3	5	7	9	11	13
		3 + 2	3 + 2 + 2	3 + 2 + 2 + 2	3 + 2 + 2 + 2 + 2	

The number of matchsticks needed to make 33 triangles (Step 33) is _____. Similarly, find the number of matchsticks needed for Step 84 and Step 108.

دیاسلائی کے نمونے

نیچے دی گئی تصویر کو دیکھیں۔ یہ دیاسلائیوں کے ذریعے بنایا گیا ایک نمونہ ہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہ کون سا نمونہ ہے؟



ہم دیکھ سکتے ہیں کہ مرحلہ 1 میں 1 مثلث ہے، مرحلہ 2 میں 2 مثلث ہیں، مرحلہ 3 میں 3 مثلث ہیں، اور اسی طرح آگے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اگلے مرحلہ، یعنی مرحلہ 5 میں کتنی دیاسلائی ہوں گی؟ یہ 11 ہیں۔ آپ اسے خود بنا کر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

مرحلہ 33، مرحلہ 84 اور مرحلہ 108 میں کتنی دیاسلائی ہوں گی؟ یقیناً ہم انہیں بنا کر اور گن کر معلوم کر سکتے ہیں، لیکن کیا اس نمونے کی مدد سے اس کا کوئی تیز طریقہ موجود ہے؟

اگلے مرحلہ میں دیاسلائی معلوم کرنے کا عمومی قاعدہ کیا ہے؟ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ہر مرحلہ پر 2 دیاسلائی بڑھائی جاتی ہیں تاکہ اگلا مرحلہ بنایا جائے، یعنی ہر بار دیاسلائی کی تعداد میں 2 کا اضافہ ہوتا ہے۔

مرحلہ عدد	1	2	3	4	5	6
دیاسلائیوں کی تعداد	3	5	7	9	11	13

سوچیں کہ اس طریقے سے مرحلہ 33 میں دیاسلائی کی تعداد کیسے معلوم کی جا سکتی ہے (بغیر جاری تعداد یں لکھے)۔ چونکہ ہر بار 2 کا اضافہ ہو رہا ہے، اس لیے یہ معلوم کرنا کہ مرحلہ 33 تک کتنے "2" جمع ہوں گے، مدد کرے گا۔ نیچے دی گئی جدول کو دیکھیں اور معلوم کرنے کی کوشش کریں۔

مرحلہ عدد	1	2	3	4	5	6
دیاسلائیوں کی تعداد	3	5	7	9	11	13
		3 + 2	3 + 2 + 2	3 + 2 + 2 +2	3 + 2 + 2 + 2 +2	

مرحلہ 33 میں مثلث بنانے کے لیے دیاسلائی کی تعداد _____ =

اسی طرح مرحلہ 84 اور مرحلہ 108 کے لیے دیاسلائی کی تعداد معلوم کریں۔

What could be an expression describing the rule/formula to find out the number of matchsticks at any step?

The pattern is such that in Step 10, nine 2' s and an added 3 (3 + 2 × 9) gives the number of matchsticks; in Step 11, ten 2s and an added 3 (3 + 2 × 10) gives the number of matchsticks. For step y, what is the expression?

It is: one less than y (i.e. y – 1) 2' s and a 3.

Therefore, the expression is

$$3 + 2 \times (y - 1).$$

This expression gives the number of matchsticks in Step y. Now we can find the number of matchsticks at any step quickly.

You might have already noticed that there is a 2 in the first step also, 3 = 1 + 2. Using this, the expression we get is

$$2y + 1.$$


? Does the above expression also give the number of matchsticks at each step correctly? Are these expressions the same?

We can check by simplifying the expression 3 + 2 × (y – 1).

$$3 + 2 \times (y - 1) = 3 + 2y - 2$$
$$= 2y + 1.$$

Both expressions are the same.

There is a different way to count, or see the pattern. Let us take a look at the picture again.



Matchsticks are placed in two orientations — (a) horizontal ones at the top and bottom, and (b) the ones placed diagonally in the middle.

For example, in step 2 there are 2 matchsticks placed horizontally and 3 matchsticks placed diagonally.

? What are these numbers in Step 3 and Step 4?

? How does the number of matchsticks change in each orientation as the steps increase? Write an expression for the number of matchsticks at Step 'y' in each orientation. Do the two expressions add up to 2y + 1?

APSCERT

کیا ایسا قاعدہ / ضابطہ ہو سکتا ہے جو کسی بھی مرحلے پر دیاسلائیوں کی تعداد معلوم کرنے کے لیے ایک عبارت دے؟

یہ نمونہ ایسا ہے کہ مرحلہ 10 میں نو 2 کے جوڑے اور ایک 3 شامل ہوتا ہے (3 + 2 × 9) جس سے دیاسلائیوں کی تعداد حاصل ہوتی ہے؛ مرحلہ 11 میں دس 2 کے جوڑے اور ایک 3 شامل ہوتا ہے (3 + 2 × 10) جس سے دیاسلائیوں کی تعداد حاصل ہوتی ہے۔ مرحلہ y کے لیے کیا عبارت ہو گا؟

یہ ہے y : سے ایک کم (یعنی y – 1) بار 2 کا اضافہ اور ایک 3۔

اس لیے عبارت ہو گا: $3 + 2 \times (y - 1)$

یہ عبارت مرحلہ y میں دیاسلائیوں کی تعداد دیتا ہے۔ اب ہم کسی بھی مرحلے کی تعداد آسانی سے معلوم کر سکتے ہیں۔

آپ نے شاید پہلے ہی نوٹ کیا ہو گا کہ پہلے مرحلے میں بھی 2 شامل ہے، کیونکہ 3 =1 +2۔ اس کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں دوسرا عبارت ملتا ہے: $2y + 1$

کیا یہ دونوں عبارت ہر مرحلے پر درست تعداد دیتے ہیں؟ کیا یہ دونوں ایک ہی ہیں؟


ہم اسے سادہ کر کے دیکھ سکتے ہیں: $3 + 2 \times (y - 1)$

$= 3 + 2y - 2$

$= 2y + 1$

اس لیے دونوں عبارت ایک جیسے ہیں۔

اب گنتی یا نمونے کو دیکھنے کا ایک اور طریقہ ہے۔ آیئے دوبارہ تصویر کو دیکھتے ہیں۔



دیاسلائیاں دو انداز میں رکھی گئی ہیں — (الف) اوپر اور نیچے افقی اور (ب) درمیان میں ترچھی رکھی ہوئی۔

مثال کے طور پر مرحلہ 2 میں 2 دیاسلائیاں افقی ہیں اور 3 دیاسلائیاں ترچھی ہیں۔

مرحلہ 3 اور مرحلہ 4 میں یہ تعداد کیا ہو گی؟

ہر سمت میں مرحلے بڑھنے کے ساتھ دیاسلائیوں کی تعداد کیسے بدلتی ہے؟ ہر سمت کے لیے مرحلہ y میں دیاسلائیوں کی تعداد کا عبارت لکھیں۔ کیا دونوں عبارتات مل کر 2y + 1 بنتے ہیں؟




Figure it Out - 4.3

For the problems asking you to find suitable expression(s), first try to understand the relationship between the different quantities in the situation described. If required, assume some values for the unknowns and try to find the relationship.

1. One plate of Jowar roti costs ?30 and one plate of Pulao costs ?20. If x plates of Jowar roti and y plates of pulao were ordered in a day, which expression(s) describe the total amount in rupees earned that day?
   (a) 30x + 20y
   (b) (30 + 20) × (x + y)
   (c) 20x + 30y
   (d) (30 + 20) × x + y
   (e) 30x – 20y
2. Pushpita sells two types of flowers on Independence day: champak and marigold. 'p' customers only bought champak, 'q' customers only bought marigold, and 'r' customers bought both. On the same day, she gave away a tiny national flag to every customer. How many flags did she give away that day?
   (a) p + q + r
   (b) p + q + 2r
   (c) 2 × (p + q + r)
   (d) p + q + r + 2
   (e) p + q + r + 1
   (f) 2 × (p + q)
3. A snail is trying to climb along the wall of a deep well. During the day it climbs up 'u' cm and during the night it slowly slips down 'd' cm. This happens for 10 days and 10 nights.
   (a) Write an expression describing how far away the snail is from its starting position.
   (b) What can we say about the snail's movement if d > u?
4. Radha is preparing for a cycling race and practices daily. The first week she cycles 5 km every day. Every week she increases the daily distance cycled by 'z' km. How many kilometers would Radha have cycled after 3 weeks?

Try This

5. In the following figure, observe how the expression w + 2 becomes 4w + 20 along one path. Fill in the missing blanks on the remaining paths. The ovals contain expressions and the boxes contain operations.



حل کیجیے–4.3

جن سوالات میں مناسب عبارت (یا عبارتیں) معلوم کرنے کو کہا گیا ہے، پہلے بیان کی گئی صورتِ حال میں مختلف مقداروں کے درمیان تعلق کو سمجھنے کی کوشش کیجیے۔ اگر ضرورت ہو تو نامعلوم مقداروں کے لیے کچھ قیمتیں فرض کر کے تعلق معلوم کیجیے۔

1. جوار کی ایک پلیٹ روٹی کی قیمت 30 روپیے ہے اور پلاؤ کی ایک پلیٹ کی قیمت 20 روپیے ہے۔ اگر ایک دن میں x پلیٹیں جوار روٹی کی اور y پلیٹیں پلاؤ کی منگوائی گئیں، تو اس دن حاصل ہونے والی کل رقم (روپیوں میں) کو کون سی عبارت (یا عبارتیں) ظاہر کرتی ہیں؟

(a) $30x + 20y$
(b) $(30 + 20) \times (x + y)$
(c) $20x + 30y$
(d) $(30 + 20) \times x + y$
(e) $30x - 20y$

2. پٹپتایوم آزادی کے دن دو قسم کے پھول فروخت کرتی ہے: چمپک اور گیندا۔ p گاہکوں نے صرف چمپک خریدا، q گاہکوں نے صرف گیندا خریدا، اور r گاہکوں نے دونوں خریدے۔ اسی دن اس نے ہر گاہک کو ایک چھوٹا قومی پرچم تحفے میں دیا۔ اس دن اس نے کل کتنے پرچم تقسیم کیے؟

(a) $p + q + r$
(b) $p + q + 2r$
(c) $2 \times (p + q + r)$
(d) $p + q + r + 2$
(e) $p + q + r + 1$
(f) $2 \times (p + q)$

3. ایک گھونگا ایک گہرے کنویں کی دیوار پر چڑھنے کی کوشش کر رہا ہے۔ دن میں وہ u سینٹی میٹر اوپر چڑھتا ہے اور رات میں d سینٹی میٹر نیچے پھسل جاتا ہے۔ یہ عمل 10 دن اور 10 راتوں تک جاری رہتا ہے۔


(a) ایک عبارت لکھیے جو یہ ظاہر کرے کہ گھونگا اپنی ابتدائی جگہ سے کتنی دور پہنچا۔

(b) اگر $d > u$ ہو تو گھونگے کی حرکت کے بارے میں ہم کیا کہہ سکتے ہیں؟

4. رادھا سائیکل ریس کی تیاری کر رہی ہے اور روزانہ مشق کرتی ہے۔ پہلے ہفتے میں وہ ہر روز 5 کلو میٹر سائیکل چلاتی ہے۔ ہر ہفتے وہ روزانہ چلائی جانے والی مسافت میں z کلو میٹر اضافہ کرتی ہے۔ 3 ہفتوں کے بعد رادھا کل کتنے کلو میٹر سائیکل چلا چکی ہو گی؟

یہ کیجیے

5. درج ذیل شکل میں مشاہدہ کیجیے کہ ایک راستے میں عبارت $w + 2$ کس طرح $4w + 20$ میں تبدیل ہوتی ہے۔ باقی راستوں میں خالی جگہیں پُر کیجیے۔ بیضوی شکلوں میں عبارتیں ہیں اور خانوں میں اعمال دیے گئے ہیں۔



6. A local train from Yahapur to Vahapur stops at three stations at equal distances along the way. The time taken in minutes to travel from one station to the next station is the same and is denoted by t.The train stops for 2 minutes at each of the three stations.
   (a) If t = 4, what is the time taken to travel from Yahapur to Vahapur?
   (b) What is the algebraic expression for the time taken to travel from Yahapur to Vahapur? [Hint: Draw a rough diagram to visualise the situation]
7. Simplify the following expressions:
   (a) 3a + 9b – 6 + 8a – 4b – 7a + 16
   (b) 3 (3a – 3b) – 8a – 4b – 16
   (c) 2 (2x – 3) + 8x + 12
   (d) 8x – (2x – 3) + 12
   (e) 8h – (5 + 7h) + 9
   (f) 23 + 4(6m – 3n) – 8n – 3m – 18
8. Add the expressions given below:
   (a) 4d – 7c + 9 and 8c – 11 + 9d
   (b) – 6f + 19 – 8s and – 23 + 13f + 12s
   (c) 8d – 14c + 9 and 16c – (11 + 9d)
   (d) 6f – 20 + 8s and 23 – 13f – 12s
   (e) 13m – 12n and 12n – 13m
   (f) – 26m + 24n and 26m – 24n
9. Subtract the expressions given below:
   (a) 9a – 6b + 14 from 6a + 9b – 18
   (b) – 15x + 13 – 9y from 7y – 10 + 3x
   (c) 17g + 9 – 7h from 11 – 10g + 3h
   (d) 9a – 6b + 14 from 6a – (9b + 18)
   (e) 10x + 2 + 10y from –3y +8 – 3x
   (f) 8g + 4h – 10 from 7h – 8g + 20
10. Describe situations corresponding to the following algebraic expressions:
   (a) 8x + 3y
   (b) 15x – 2x
11. Imagine a straight rope. If it is cut once as shown in the picture, we get 2 pieces. If the rope is folded once and then cut as shown, we get 3 pieces.

6. یہاپور سے واہاپور جانے والی ایک مقامی ریل درمیان میں برابر فاصلے پر موجود تین اسٹیشنوں پر رکتی ہے۔ ایک اسٹیشن سے اگلے اسٹیشن تک سفر کرنے میں لگنے والا وقت (منٹوں میں) ہر جگہ یکساں ہے اور اسے t سے ظاہر کیا گیا ہے۔ ریل ہر ایک تین اسٹیشنوں پر 2 منٹ کے لیے رکتی ہے۔

(a) اگر t = 4 ہو، تو یہاپور سے واہاپور تک سفر کرنے میں کتنا وقت لگے گا؟

(b) یہاپور سے واہاپور تک سفر کے وقت کے لیے الجبری عبارت لکھیے۔

[اشارہ: صوتِ حال کو سمجھنے کے لیے ایک خاکہ بنائیے]۔

7. درج ذیل عبارتوں کو سادہ کیجیے:

(a) 3a + 9b - 6 + 8a - 4b - 7a + 16
(b) 3 (3a - 3b) - 8a - 4b - 16
(c) 2 (2x - 3) + 8x + 12
(d) 8x - (2x - 3) + 12
(e) 8h - (5 + 7h) + 9
(f) 23 + 4(6m - 3n) - 8n - 3m - 18

8. نیچے دی گئی عبارتوں کو جمع کیجیے:

(a) 4d - 7c + 9	8c - 11 + 9d
(b) - 6f + 19 - 8s	- 23 + 13f + 12s
(c) 8d - 14c + 9	16c - (11 + 9d)
(d) 6f - 20 + 8s	23 - 13f - 12s
(e) 13m - 12n	12n - 13m
(f) - 26m + 24n	26m - 24n

9. نیچے دی گئی عبارتوں کو تفریق کیجیے:

(a) 9a - 6b + 14	6a + 9b - 18
(b) - 15x + 13 - 9y	7y - 10 + 3x
(c) 17g + 9 - 7h	11 - 10g + 3h
(d) 9a - 6b + 14	6a - (9b + 18)
(e) 10x + 2 + 10y	-3y +8 - 3x
(f) 8g + 4h - 10	7h - 8g + 20


10. درج ذیل الجبری عبارتوں کے مطابق صوتِ حال بیان کیجیے:

(a) 8x + 3y
(b) 15x - 2x


11. ایک سیدھی رسی کا تصور کیجیے۔ اگر اسے تصویر کے مطابق ایک بار کاٹا جائے تو 2 ٹکڑے حاصل ہوتے ہیں۔ اگر رسی کو ایک بار موڑ کر پھر تصویر کے مطابق کاٹا جائے تو 3 ٹکڑے حاصل ہوتے ہیں۔

AP SCERT


Observe the pattern and find the number of pieces if the rope is folded 10 times and cut. What is the expression for the number of pieces when the rope is folded r times and cut?




12. Look at the matchstick pattern below. Observe and identify the pattern. How many matchsticks are required to make 10 such squares. How many are required to make w squares?



13. Have you noticed how the colours change in a traffic signal? The sequence of colour changes is shown below. Find the colour at positions 90, 190, and 343. Write expressions to describe the positions for each colour.



14. Observe the pattern below. How many squares will be there in Step 4, Step 10, Step 50? Write a general formula. How would the formula change if we want to count the number of vertices of all the squares?




APSCERT

اس نمونے کا مشاہدہ کیجیے اور معلوم کیجیے کہ اگر رسی کو 10 بار موڑ کر کاٹا جائے تو کتنے ٹکڑے حاصل ہوں گے۔ جب رسی کو r بار موڑ کر کاٹا جائے تو ٹکڑوں کی تعداد کے لیے عبارت کیا ہو گی؟




12. نیچے دیے گئے ماچس کی تیلیوں کے نمونے کو دیکھیے۔ نمونے کا مشاہدہ کیجیے اور پہچانیے۔ ایسے 10 مربع بنانے کے لیے کتنی تیلیاں درکار ہوں گی؟ w مربع بنانے کے لیے کتنی تیلیاں درکار ہوں گی؟



13. کیا آپ نے غور کیا ہے کہ ٹریفک سگنل میں رنگ کیسے تبدیل ہوتے ہیں؟ رنگوں کی تبدیلی کی ترتیب نیچے دکھائی گئی ہے۔ 90، 190، اور 343 ویں مقام پر کون سا رنگ ہو گا؟ ہر رنگ کے مقامات کو ظاہر کرنے کے لیے عبارتیں لکھیے۔



14. نیچے دیے گئے نمونے کا مشاہدہ کیجیے۔ مرحلہ 4، مرحلہ 10، اور مرحلہ 50 میں کتنے مربع ہوں گے؟ ایک عمومی ضابطہ لکھیے۔ اگر ہم تمام مربعوں کے راسوں (Vertices) کی تعداد گننا چاہیں تو ضابطہ کیسے تبدیل ہو گا؟



15. Numbers are written in a particular sequence in this endless 4-column grid.


Column 1	Column 2	Column 3	Column 4
1	2	3	4
5	6	7	8
9	10	11	12
13	14	15	16
...	...	...	...

(a) Give expressions to generate all the numbers in a given column (1, 2, 3, 4).

(b) In which row and column will the following numbers appear:
(i) 124
(ii) 147
(iii) 201

(c) What number appears in row r and column c?

(d) Observe the positions of multiples of 3.
Do you see any pattern in it? List other patterns that you see.



SUMMARY

- Algebraic expressions are used in formulas to model patterns and mathematical relationships between quantities, and to make predictions.
- Algebraic expressions use not only numbers but also letter-numbers. The rules for manipulating arithmetic expressions also apply to algebraic expressions. These rules can be used to reduce algebraic expressions to their simplest forms.
- Algebraic expressions can be described in ordinary language, and vice versa. Patterns or relationships that are easily written using algebra can often be long and complex in ordinary language. This is one of the advantages of algebra.

© NCERT not to be republished

15. اعداد ایک خاص ترتیب سے اس لامتناہی 4-کالمی جال میں لکھے گئے ہیں۔

Column 1	Column 2	Column 3	Column 4
1	2	3	4
5	6	7	8
9	10	11	12
13	14	15	16
...	...	...	...

(a) ہر دیے گئے (1، 2، 3، 4) کے تمام اعداد پیدا کرنے کے لیے عبارتیں لکھیے۔

(b) درج ذیل اعداد کس صف اور کس کالم میں ظاہر ہوں گے؟

i. 124

ii. 147

iii. 201

(c). صف r اور کالم c میں کون سا عدد ظاہر ہو گا؟

(d). 3 کے اضعاف کی جگہوں کا مشاہدہ کیجیے۔

کیا آپ کو اس میں کوئی نمونہ نظر آتا ہے؟ ایسے دوسرے نمونے بھی لکھیے جو آپ کو دکھائی دیں۔



خلاصہ

- الجبری عبارتیں ضابطوں میں نمونوں اور مقداروں کے درمیان ریاضیاتی تعلقات کو ظاہر کرنے اور پیش گوئیاں کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔
- الجبری عبارتوں میں صرف اعداد ہی نہیں بلکہ حرفی اعداد بھی استعمال ہوتے ہیں۔ حسابی عبارتوں پر لاگو ہونے والے اصول، الجبری عبارتوں پر بھی لاگو ہوتے ہیں۔ انہی اصولوں کو استعمال کرتے ہوئے الجبری عبارتوں کو ان کی سادہ ترین صورت میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔
- الجبری عبارتوں کو عام زبان میں بیان کیا جا سکتا ہے، اور عام زبان کو الجبری عبارتوں کی صورت میں بھی لکھا جا سکتا ہے۔ ایسے نمونے یا تعلقات جو الجبرا کی مدد سے آسانی سے لکھے جا سکتے ہیں، عام زبان میں اکثر طویل اور پیچیدہ ہو جاتے ہیں۔ یہ الجبرا کا ایک اہم فائدہ ہے۔

APSCERT

5 PARALLEL AND INTERSECTING LINES

S7S5D8

Learning outcomes:

Learners will be able to

- Identify and describe parallel lines, intersecting lines, and perpendicular lines in diagrams and real-life situations.
- Recognize and classify different types of angles such as acute, right, obtuse, straight, and reflex angles.
- Observe and explain spatial relationships between lines and angles in geometric figures.
- Represent geometric ideas using diagrams and correct mathematical terminology.
- Identify and explain examples of lines and angles found in everyday life such as roads, bridges, windows, and buildings.
- Apply properties of intersecting lines and angles to solve mathematical problems.

  Use mathematical tools like ruler and protractor to draw and measure angles accurately.

5.0 Introduction

Take a piece of square paper and fold it in different ways. Now, on the creases formed by the folds, draw lines using a pencil and a scale. You will notice different lines on the paper. Take any pair of lines and observe their relationship with each other. Do they meet? If they do not meet within the paper, do you think they would meet if they were extended beyond the paper?

AP SCERT

5 متوازی اور متقاطع خطوط

N3K9H2

اکتسابی نتائج:

طلبہ اس قابل ہوں گے:

- متوازی خطوط، متقاطع خطوط، اور عمودی خطوط کو اشکال اور روزمرہ زندگی کی مثالوں میں پہچان سکیں گے اور بیان کر سکیں گے۔
- مختلف اقسام کے زاویوں جیسے تیز زاویہ، قائمہ زاویہ، منفرجہ زاویہ، سیدھا زاویہ، اور معکوس زاویہ کو پہچان سکیں گے اور ان کی درجہ بندی کر سکیں گے۔
- ہندسی اشکال میں خطوط اور زاویوں کے باہمی تعلقات کا مشاہدہ اور وضاحت کر سکیں گے۔
- ہندسی تصورات کو اشکال اور درست ریاضیاتی اصطلاحات کے ذریعے ظاہر کر سکیں گے۔
- روزمرہ زندگی میں خطوط اور زاویوں کی مثالیں جیسے سڑکیں، پل، کھڑکیاں، اور عمارتیں پہچان سکیں اور ان کی وضاحت کر سکیں گے۔
- متقاطع خطوط اور زاویوں کی خصوصیات کو ریاضیاتی مسائل حل کرنے میں استعمال کر سکیں گے۔
- خط کش اور منقلہ جیسے ریاضیاتی آلات استعمال کر کے زاویے درست طور پر کھینچ اور ناپ سکیں گے۔

5.0 تعارف

ایک مربع کاغذ لیجیے اور اسے مختلف طریقوں سے موڑیے۔ اب موڑنے سے جو شکنیں (Creases) بنی ہیں، ان پر پنسل اور اسکیل کی مدد سے خطوط کھینچیے۔ آپ کاغذ پر مختلف خطوط دیکھیں گے۔ کسی بھی دو خطوط کو لیجیے اور ان کے باہمی تعلق کا مشاہدہ کیجیے۔ کیا وہ آپس میں ملتے ہیں؟ اگر وہ کاغذ کے اندر نہیں ملتے، تو کیا آپ سمجھتے ہیں کہ کاغذ سے آگے بڑھانے پر وہ ایک دوسرے سے مل جائیں گے؟




Fig. 5.1

In this chapter, we will explore the relationship between lines on a plane surface. The table top, your piece of paper, the blackboard, and the bulletin board are all examples of plane surfaces.

5.1 Intersecting Lines

Let us observe a pair of lines that meet each other. You will notice that they meet at a point. When a pair of lines meet each other at a point on a plane surface, we say that the lines intersect each other.

Let us observe what happens when two lines intersect.

How many angles do they form?

In Fig. 5.2, where line *l* intersects line m, we can see that four angles are formed.




Fig. 5.2

Can two straight lines intersect at more than one point?

Activity 1

Draw two lines on a plain sheet of paper so that they intersect.

Measure the four angles formed with a protractor. Draw four

AP SCERT




Fig. 5.1

اس باب میں ہم مستوی سطح پر خطوط کے باہمی تعلق کا مطالعہ کریں گے۔ میز کی سطح، آپ کا کاغذ، سیاہ تختہ، اور نوٹس بورڈ — یہ سب مستوی سطحوں کی مثالیں ہیں۔

5.1 متقاطع خطوط

آیئے ایسے دو خطوط کا مشاہدہ کریں جو ایک دوسرے کو ملتے ہوں۔ آپ دیکھیں گے کہ وہ ایک نقطے پر ملتے ہیں۔ جب دو خطوط کسی مستوی سطح پر ایک نقطے پر ملتے ہیں، تو ہم کہتے ہیں کہ وہ خطوط ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں یا متقاطع ہوتے ہیں۔ آیئے دیکھتے ہیں کہ جب دو خطوط آپس میں متقاطع ہوتے ہیں تو کیا ہوتا ہے۔

وہ کتنے زاویے بناتے ہیں؟ شکل 5.2 میں، جہاں خط l خط m کو قطع کرتا ہے، ہم دیکھ سکتے ہیں کہ چار زاویے بنتے ہیں۔




Fig. 5.2

کیا دو سیدھی لکیریں ایک سے زیادہ نقطوں پر ایک دوسرے کو قطع کر سکتی ہیں؟

سرگرمی 1

سادہ کاغذ پر دو لکیریں کھینچیے تاکہ وہ ایک دوسرے کو قطع کریں۔ منقلہ کی مدد سے بننے والے چاروں زاویوں کی پیمائش کیجیے۔ چار زاویے بنایئے۔

such pairs of intersecting lines and measure the angles formed at the points of intersection.

? What patterns do you observe among these angles?

? In Fig. 5.2, if $\angle$ a is 120°, can you figure out the measurements of $\angle$ b, $\angle$ c and $\angle$ d, without drawing and measuring them?

We know that $\angle$ a and $\angle$ b together measure 180°, because when they are combined, they form a straight angle which measures 180°. So, if $\angle$ a is 120°, then $\angle$ b must be 60°.

Similarly, $\angle$ b and $\angle$ c together measure 180°. So, if $\angle$ b is 60°, then $\angle$ c must be 120°. And $\angle$ c and $\angle$ d together measure 180°. So, if $\angle$ c is 120°, then $\angle$ d must be 60°.

Therefore, in Fig. 5.2, $\angle$ a and $\angle$ c measure 120°, and $\angle$ b and $\angle$ d measure 60°.

When two lines intersect each other and form four angles, labelled a, b, c and d, as in Fig. 5.2, then $\angle$ a and $\angle$ c are equal, and $\angle$ b and $\angle$ d are equal!

? Is this always true for any pair of intersecting lines?

Check this for different measures of $\angle$ a. Using these measurements, can you reason whether this property holds true for any measure of $\angle$ a?

We can generalise our reasoning for Fig. 5.2, without assuming the values of $\angle$ a.

Since straight angles measure 180°, we must have $\angle$ a + $\angle$ b = $\angle$ a + $\angle$ d = 180°. Hence, b and d are always equal. Similarly, $\angle$ b + $\angle$a = $\angle$ b + $\angle$ c = 180°, so $\angle$ a and $\angle$ c must be equal.

Adjacent angles, like $\angle$ a and $\angle$b, formed by two lines intersecting each other, are called linear pairs. Linear pairs always add up to 180°.

APSCERT

ایسے متقاطع خطوط کے چار جوڑے بنائیے اور نقاط تقاطع پر بننے والے زاویوں کی پیمائش کیجیے۔

ان زاویوں میں آپ کون سے نمونے دیکھتے ہیں؟

شکل 5.2 میں، اگر $\angle a = 120^\circ$ ہو، تو کیا آپ بغیر کھینچے اور ناپے $\angle b$، $\angle c$ اور $\angle d$ کی پیمائش معلوم کر سکتے ہیں؟

ہم جانتے ہیں کہ $\angle a$ اور $\angle b$ کا مجموعہ 180° ہوتا ہے، کیونکہ یہ مل کر ایک زاویہ مستقیم بناتے ہیں جس کی پیمائش 180° ہوتی ہے۔ اس لیے اگر $\angle a = 120^\circ$ ہو، تو $\angle b = 60^\circ$ ہوگا۔

اسی طرح $\angle b$ اور $\angle c$ کا مجموعہ بھی 180° ہوتا ہے۔ لہٰذا اگر $\angle b = 60^\circ$ ہو، تو $\angle c = 120^\circ$ ہوگا۔

اور $\angle c$ اور $\angle d$ کا مجموعہ بھی 180° ہوتا ہے۔ اس لیے اگر $\angle c = 120^\circ$ ہو، تو $\angle d = 60^\circ$ ہوگا۔

لہٰذا شکل 5.2 میں، $\angle a$ اور $\angle c$ کی پیمائش 120° ہے، جبکہ $\angle b$ اور $\angle d$ کی پیمائش 60° ہے۔

جب دو خطوط ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں اور چار زاویے بناتے ہیں، جنہیں a، b، c اور d سے ظاہر کیا جاتا ہے، جیسا کہ شکل 5.2 میں ہے، تو $\angle a$ اور $\angle c$ برابر ہوتے ہیں، اور $\angle b$ اور $\angle d$ بھی برابر ہوتے ہیں۔

کیا یہ ہر متقاطع خطوط کے جوڑے کے لیے ہمیشہ درست ہوتا ہے؟

$\angle a$ کی مختلف پیمائشوں کے لیے اس بات کی جانچ کیجیے۔ کیا ان پیمائشوں کی مدد سے آپ یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ یہ خاصیت $\angle a$ کی ہر قیمت کے لیے درست ہے؟

ہم شکل 5.2 کے لیے $\angle a$ کی کوئی خاص قیمت فرض کیے بغیر بھی عمومی استدلال کر سکتے ہیں۔

چونکہ سیدھے زاویے کی پیمائش 180° ہوتی ہے، اس لیے:

$$\angle a + \angle b = \angle a + \angle d = 180^\circ$$

لہٰذا $\angle b$ اور $\angle d$ ہمیشہ برابر ہوں گے۔ اسی طرح:

$$\angle b + \angle a = \angle b + \angle c = 180^\circ$$

اس لیے $\angle a$ اور $\angle c$ بھی برابر ہوں گے۔

متصل زاویے، جیسے $\angle a$ اور $\angle b$، جو دو متقاطع خطوط سے بنتے ہیں، خطی جوڑا (Linear Pair) کہلاتے ہیں۔

خطی جوڑوں کا مجموعہ ہمیشہ 180° ہوتا ہے۔

APSCERT

Opposite angles, like ∠b and ∠d, formed by two lines intersecting each other, are called vertically opposite angles. Vertically opposite angles are always equal to each other.

From the above reasoning, we conclude that whenever two lines intersect, vertically opposite angles are equal. Such a justification is called a proof in mathematics.



Figure it Out - 5.1

List all the linear pairs and vertically opposite angles you observe in Fig. 5.3:

Linear Pairs	∠ a and ∠b, ...
Pairs of Vertically Opposite Angles	∠ b and ∠d, ...




Fig. 5.3

You might have noticed that when you measure linear pairs, sometimes they may not add up to 180°. Or, when you measure vertically opposite angles they may be unequal sometimes. What are the reasons for this? There could be different reasons:

- Measurement errors because of improper use of measuring instruments - in this case, a protractor
- Variation in the thickness of the lines drawn. The "ideal" line in geometry does not have any thickness! But it is not possible for us to draw lines without any thickness

In geometry, we create ideal versions of "lines" and other shapes we see around us, and analyse the relationships between them. For example, we know that the angle formed by a straight line is 180°. So, if another line divides this angle into two parts, both parts should add up to 180°. We arrive at this simply through reasoning and not by measurement.

APSCERT

مخالف زاویے، جیسے ∠b اور ∠d ، جو دو متقاطع خطوط سے بنتے ہیں، متقابل بالرأس زاویے کہلاتے ہیں۔

متقابل بالرأس زاویے ہمیشہ ایک دوسرے کے برابر ہوتے ہیں۔

اوپر دی گئی دلیل سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ جب بھی دو خطوط ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں، تو متقابل بالرأس زاویے برابر ہوتے ہیں۔ ریاضی میں ایسی توجیہ کو ثبوت کہا جاتا ہے۔



حل کیجیے-5.1

شکل 5.3 میں تمام خطی جوڑوں اور مقابل زاویوں کی فہرست بنائیے:

خطی جوڑے:	∠a اور ∠b ، ...
متقابل بالرأس زاویوں کے جوڑے:	∠b اور ∠d ، ...




Fig. 5.3

پیمائش اور جیومیٹری

آپ نے شاید یہ محسوس کیا ہوگا کہ جب آپ خطی جوڑوں کی پیمائش کرتے ہیں، تو بعض اوقات ان کا مجموعہ 180° نہیں بنتا۔ یا جب آپ متقابل بالرأس زاویوں کی پیمائش کرتے ہیں تو کبھی کبھی وہ برابر نہیں ہوتے۔ اس کی کیا وجوہات ہو سکتی ہیں؟ مختلف وجوہات ہو سکتی ہیں:

- پیمائشی آلات — اس صورت میں منقلہ — کے غلط استعمال کی وجہ سے پیمائش میں غلطی۔
- کھینچی گئی لکیروں کی موٹائی میں فرق۔ ہندسہ میں "مثالی" خط کی کوئی موٹائی نہیں ہوتی، لیکن ہمارے لیے بغیر موٹائی کے خطوط کھینچنا ممکن نہیں۔

جیومیٹری میں ہم اپنے اردگرد نظر آنے والے "خطوط" اور دوسری اشکال کی مثالی صورتیں بناتے ہیں اور ان کے درمیان تعلقات کا مطالعہ کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہم جانتے ہیں کہ سیدھے خط سے بننے والا زاویہ 180° ہوتا ہے۔ اس لیے اگر کوئی دوسرا خط اس زاویے کو دو حصوں میں تقسیم کرے، تو دونوں حصوں کا مجموعہ 180° ہونا چاہیے۔ ہم اس نتیجے تک صرف استدلال کی بنیاد پر پہنچتے ہیں، نہ کہ پیمائش کی بنیاد پر۔

APSCERT

When we measure, it might not be exactly so, for the reasons mentioned above. Still the measurements come out very close to what we predict, because of which geometry finds widespread application in different disciplines such as physics, art, engineering and architecture.

5.2 Perpendicular Lines

Can you draw a pair of intersecting lines such that all four angles are equal? Can you figure out what will be the measure of each angle?




Fig. 5.4

If two lines intersect and all four angles are equal, then each angle must be a right angle (90°).

Perpendicular lines are a pair of lines which intersect each other at right angles (90°). In Fig. 5.4, we can say that lines *l* and m are perpendicular to each other.

5.3 Between Lines

Observe Fig. 5.5 and describe the way the line segments meet or cross each other in each case, with appropriate mathematical words (a point, an endpoint, the midpoint, meet, intersect and the degree measure of each angle).

For example, line segments FG and FH meet at the endpoint F at an angle 115°.

APSCERT

جب ہم پیمائش کرتے ہیں تو اوپر بیان کی گئی وجوہات کی بنا پر نتائج بالکل درست نہیں آتے۔ پھر بھی پیمائشیں ہماری پیش گوئی کے بہت قریب ہوتی ہیں، اسی وجہ سے ہندسہ کا استعمال طبیعیات، فن، انجینئرنگ اور تعمیرات جیسے مختلف شعبوں میں وسیع پیمانے پر کیا جاتا ہے۔

5.2 عمودی خطوط

کیا آپ ایسے دو متقاطع خطوط کھینچ سکتے ہیں کہ چاروں زاویے برابر ہوں؟ کیا آپ معلوم کر سکتے ہیں کہ ہر زاویے کی پیمائش کتنی ہو گی؟




Fig. 5.4

اگر دو خطوط ایک دوسرے کو قطع کریں اور چاروں زاویے برابر ہوں، تو ہر زاویہ لازماً قائمہ زاویہ (90°) ہو گا۔ **عمودی خطوط** ایسے خطوط کا جوڑا ہیں جو ایک دوسرے کو قائمہ زاویہ (90°) پر قطع کرتے ہیں۔ شکل 5.4 میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ خط l اور خط m ایک دوسرے پر عمود ہیں۔

5.3 خطوط کے درمیان تعلق

شکل 5.5 کا مشاہدہ کیجیے اور بیان کیجیے کہ ہر صورت میں خطی قطعات کس طرح ایک دوسرے سے ملتے یا ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔ مناسب ریاضیاتی الفاظ استعمال کیجیے، جیسے: نقطہ، آخری نقطہ، وسطی نقطہ، ملنا، قطع کرنا، اور ہر زاویے کی درجۂ پیمائش۔




Fig. 5.5


Are line segments ST and UV likely to meet if they are extended? Are line segments OP and QR likely to meet if they are extended? Here are some examples of lines we notice around us.




What is common to the lines in the pictures above? They do not seem likely to intersect each other. Such lines are called parallel lines.

Parallel lines are a pair of lines that lie on the same plane, and do not meet however far we extend them at both ends.

Name some parallel lines you can spot in your classroom.





Parallel lines are often used in artwork and shading.

Which pairs of lines appear to be parallel in Fig. 5.6 below?




Fig. 5.5


کیا خطی قطعے ST اور UV کو آگے بڑھانے پر ان کے ملنے کا امکان ہے؟ کیا خطی قطعے OP اور QR کو آگے بڑھانے پر ان کے ملنے کا امکان ہے؟ ذیل میں ہمارے اطراف نظر آنے والے خطوط کی کچھ مثالیں دی گئی ہیں۔




اوپر دی گئی تصویروں میں خطوط کی کون سی بات مشترک ہے؟ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک دوسرے کو قطع نہیں کریں گے۔ ایسے خطوط کو متوازی خطوط کہتے ہیں۔

متوازی خطوط ایسے خطوط کا جوڑا ہیں جو ایک ہی مستوی سطح میں ہوں اور دونوں سروں پر جتنا بھی بڑھائے جائیں، کبھی نہیں ملیں گے۔

اپنے کمرہ جماعت میں نظر آنے والے کچھ متوازی خطوط کے نام بتائیے۔





متوازی خطوط اکثر فن پاروں اور شیڈنگ میں استعمال ہوتے ہیں۔

شکل 5.6 میں کون سے خطوط کے جوڑے متوازی دکھائی دیتے ہیں؟




Fig. 5.6

جفت اعداد: 2, 4, 6, 8, 10, 12, ...

طاق اعداد: 1, 3, 5, 7, 9, 11, ...

ہم دیکھتے ہیں کہ ہر مقام پر طاق اعداد کے سلسلے کی قیمت، جفت اعداد کے سلسلے کی قیمت سے ایک کم ہوتی ہے۔

لہٰذا 100 واں طاق عدد: 200 — 1 = 199

n واں طاق عدد معلوم کرنے کے لیے ایک ضابطہ لکھیے۔

آیئے پہلے اس طریقے کو بیان کریں جو ہم نے کسی بھی مقام پر موجود طاق عدد معلوم کرنے کے لیے سیکھا ہے۔

(a) Find the even number at that position. This is 2 times the position number.

(b) Then subtract 1 from the even number.

Writing this in expressions, we get


(a) 2n

(b) 2n - 1

Thus, 2n is the formula that gives the nth even number, and 2n - 1 is the formula that gives the nth odd number.

6.3 Some Explorations in Grids


Observe this 3 × 3 grid. It is filled following a simple rule - use numbers from 1 - 9 without repeating any of them. There are circled numbers outside the grid.




Are you able to see what the circled numbers represent?

The numbers in the yellow circles are the sums of the corresponding rows and columns.

Fill the grids below based on the rule mentioned above:





(a) اُس مقام پر موجود جفت عدد معلوم کیجیے۔ یہ مقام کے عدد کا 2 گنا ہو گا۔

(b) پھر اس جفت عدد میں سے 1 تفریق کیجیے۔

ان کو جبری عبارت (Expressions) کی صورت میں لکھیں تو ہمیں ملتا ہے:

$2n$ (a)

$2n - 1$ (b)

لہٰذا، $2n$ وہ ضابطہ (Formula) ہے جو n واں جفت عدد دیتا ہے، اور $2n - 1$ وہ ضابطہ ہے جو n واں طاق عدد دیتا ہے۔

4	7	5	16
6	1	2	9
3	9	8	20
13	17	15	

6.3 گرڈ میں کچھ تلاشیں

اس 3 × 3 گرڈ کو دیکھیے۔ یہ ایک سادہ اصول کے مطابق بھرا گیا ہے —

1 سے 9 تک کے اعداد استعمال کیے گئے ہیں اور کوئی عدد دہرایا نہیں گیا۔

گرڈ کے باہر کچھ اعداد دائروں میں لکھے گئے ہیں۔

کیا آپ سمجھ سکتے ہیں کہ دائروں میں لکھے گئے اعداد کیا ظاہر کرتے ہیں؟

پیلے دائروں میں موجود اعداد متعلقہ صفوں (Rows) اور کالموں (Columns) کے مجموعے ہیں۔

نیچے دیے گئے گرڈ کو اسی اصول کے مطابق مکمل کیجیے:


9			13
			14
		5	18
24	9	12	

			24
4			15
		3	6
12	16	17	

APSCERT

Make a couple of questions like this on your own and challenge your peers.


Try solving the problem below.



You might have realised that it is not possible to find a solution for this grid. Why is this the case?

The smallest sum possible is 6 = 1 + 2 + 3. The largest sum possible is 24 = 9 + 8 + 7. Clearly, any number in a circle cannot be less than 6 or greater than 24. The grid has sums 5 and 26. Therefore, this is impossible!


In the earlier grids which we solved, Kisho noticed that the sum of all the numbers in the circles was always 90. Also, Vidya observed that the sum of the circled numbers for all three rows, or for all three columns, was always 45. Check if this is true in the previous grids you have solved.



Why should the row sums and column sums always add to 45?

From this grid, we can see that all the row sums added together will be the same as the sum of the numbers 1 - 9. This can be seen for column sums as well. The sum of the numbers 1 - 9 is

1 + 2 + 3 + 4 + 5 + 6 + 7 + 8 + 9 = 45.



A square grid of numbers is called a **magic square** if each row, each column and each diagonal, add up to the same number. This number is called the **magic sum**. Diagonals are shown in the picture.

خود بھی اس طرح کے چند سوالات بنائیے اور اپنے ساتھیوں کو حل کرنے کا چیلنج دیجیے۔

اب نیچے دیا گیا مسئلہ حل کرنے کی کوشش کیجیے۔

شاید آپ نے محسوس کیا ہو گا کہ اس گرڈ کا حل نکالنا ممکن نہیں ہے۔ ایسا کیوں ہے؟

			5
		6	21
			19
9	11	26	

سب سے چھوٹا ممکن مجموعہ: $6 = 1 + 2 + 3$

اور سب سے بڑا ممکن مجموعہ: $24 = 9 + 8 + 7$

واضح ہے کہ دائرے میں موجود کوئی بھی عدد 6 سے کم یا 24 سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔ اس گرڈ میں مجموعے 5 اور 26 دیے گئے ہیں، اس لیے یہ ناممکن ہے۔

پہلے حل کیے گئے گرڈ میں کشور نے دیکھا کہ دائروں میں موجود تمام اعداد کا مجموعہ ہمیشہ 90 ہوتا تھا۔ اسی طرح ودیا نے مشاہدہ کیا کہ تینوں صفوں یا تینوں صفوں کے دائروں کے اعداد کا مجموعہ ہمیشہ 45 ہوتا تھا۔



جانچ کیجیے کہ کیا یہ بات ان گرڈ میں بھی درست ہے جو آپ پہلے حل کر چکے ہیں۔

صفوں اور کالموں کے مجموعے ہمیشہ 45 کیوں بنتے ہیں؟

اس گرڈ سے ہم دیکھ سکتے ہیں کہ تمام صفوں کے مجموعے ملا کر، 1 سے 9 تک کے تمام اعداد کے مجموعے کے برابر ہوں گے۔ یہی بات کالموں کے لیے بھی درست ہے۔


4	7	5	4+7+5
6	1	2	6+1+2
3	9	8	3+9+8
4+6+3	7+1+9	5+2+8	

1 سے 9 تک کے اعداد کا مجموعہ یہ ہے:

$1 + 2 + 3 + 4 + 5 + 6 + 7 + 8 + 9 = 45$

اعداد کے مربع گرڈ کو جادوئی مربع (Magic Square) کہتے ہیں اگر اس کی ہر صف، ہر کالم، اور ہر ترچھی لکیر (Diagonal) کا مجموعہ ایک ہی عدد کے برابر ہو۔ اس عدد کو جادوئی مجموعہ (Magic Sum) کہتے ہیں۔ ترچھی لکیریں تصویر میں دکھائی گئی ہیں۔

Trying to create a magic square by randomly filling the grid with numbers may be difficult! This is because there are a large number of ways of filling a 3 × 3 grid using the numbers 1 - 9 without repetition. In fact, it can be found that there are exactly 3,62,880 such ways.




Surprisingly, the number of ways to fill in the grid can be found without listing all of them. We will see in later years how to do this. Instead, we should proceed systematically to make a magic square.

For this, let us ask ourselves some questions.

1. What can the magic sum be? Can it be any number?
   Let us focus, for the moment, only on the row sums. We have seen that in a 3 × 3 grid with numbers 1 - 9, the total of row sums will always be 45. Since in a magic square the row sums are all equal, and they add up to 45, they have to be 15 each. Thus, we have the following observation.


Observation 1: In a magic square made using the numbers 1 - 9, the magic sum must be 15.

2. What are the possible numbers that could occur at the centre of a magic square?
   Let us consider the possibilities one by one. Can the central number be 9? If yes, then 8 must come in one of the other squares. For example,



   In this, we must have 8 + 9 + other number = 15.
   But this is not possible! The same issue will occur no matter where we place 8. So, 9 cannot be at the centre. Can the central number be 1?
   If yes, then 2 should come in one of the other squares.

APSCERT



جادوئی مربع (Magic Square) کو اعداد سے بے ترتیب طریقے سے بھرنے کی کوشش کرنا مشکل ہو سکتا ہے! اس کی وجہ یہ ہے کہ 1 سے 9 تک کے اعداد کو بغیر دہرائے 3 × 3 گرڈ میں بھرنے کے بے شمار طریقے موجود ہیں۔ حقیقت میں، ایسے کل 3,62,880 طریقے ہیں۔

حیرت کی بات یہ ہے کہ گرڈ بھرنے کے طریقوں کی تعداد، تمام طریقے لکھے بغیر بھی معلوم کی جاسکتی ہے۔ آئندہ جماعتوں میں ہم سیکھیں گے کہ یہ کیسے کیا جاتا ہے۔

ابھی ہمیں جادوئی مربع بنانے کے لیے منظم طریقے سے آگے بڑھنا چاہیے۔

اس کے لیے آیئے خود سے چند سوالات پوچھتے ہیں۔

1. جادوئی مجموعہ (Magic Sum) کیا ہو سکتا ہے؟ کیا یہ کوئی بھی عدد ہو سکتا ہے؟


فی الحال صرف صفوں کے مجموعوں پر غور کرتے ہیں۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ 1 سے 9 تک کے اعداد والے 3 × 3 گرڈ میں تمام صفوں کے مجموعوں کا کل ہمیشہ 45 ہوتا ہے۔ چونکہ جادوئی مربع میں تمام صفوں کے مجموعے برابر ہوتے ہیں، اور ان سب کا مجموعہ 45 ہے، اس لیے ہر صف کا مجموعہ 15 ہونا چاہیے۔ لہٰذا ہمیں یہ مشاہدہ حاصل ہوتا ہے:

مشاہدہ 1: 1 سے 9 تک کے اعداد سے بنے جادوئی مربع میں جادوئی مجموعہ ہمیشہ 15 ہوگا۔

2. جادوئی مربع کے درمیان والے خانے میں کون سے اعداد آسکتے ہیں؟

آیئے امکانات کو ایک ایک کرکے دیکھتے ہیں۔ کیا درمیان والا عدد 9 ہو سکتا ہے؟ اگر ہاں، تو پھر 8 کو کسی دوسرے خانے میں آنا ہوگا۔ مثال کے طور پر:

اس صورت میں ہمیں یہ حاصل ہوگا:



8 + 9 + کوئی دوسرا عدد = 15

لیکن یہ ممکن نہیں ہے! چاہے 8 کو کسی بھی جگہ رکھیں، یہی مسئلہ پیش آئے گا۔

لہٰذا، 9 درمیان میں نہیں ہو سکتا۔ کیا درمیان والا عدد 1 ہو سکتا ہے؟

اگر ہاں، تو پھر 2 کو کسی دوسرے خانے میں آنا ہوگا۔


APSCERT

Here, we must have 2 + 1 + other number = 15. But this is not possible because we are only using the numbers 1 - 9. The same issue will occur no matter where we place 1.


So, 1 cannot be at the centre, either.

? Using such reasoning, find out which other numbers 1 - 9 cannot occur at the centre.

This exploration will lead us to the following interesting observation.




Observation 2: The number occurring at the centre of a magic square, filled using 1 - 9, must be 5.




Let us now see where the smallest number 1 and the largest number 9 should come in a magic square. Our second observation tells us that they will have to come in one of the boundary positions.

Let us classify these positions into two categories:




Can 1 occur in a corner position? For example, can it be placed as follows?



? If yes, then there should exist three ways of adding 1 with two other numbers to give 15. We have 1 + 5 + 9 = 1 + 6 + 8 = 15. Is any other combination possible?

? Similarly, can 9 can be placed in a corner position?

APSCERT




یہاں ہمیں حاصل ہونا چاہیے: 2 + 1 + کوئی دوسرا عدد = 15

لیکن یہ بھی ممکن نہیں، کیونکہ ہم صرف 1 سے 9 تک کے اعداد استعمال کر رہے ہیں۔ چاہے 1 کو کہیں بھی رکھیں، یہی مسئلہ ہو گا۔

لہٰذا 1 بھی درمیان میں نہیں ہو سکتا۔

اسی طرح کی دلیل استعمال کرتے ہوئے معلوم کیجیے کہ 1 سے 9 تک کے کون سے دوسرے اعداد درمیان میں نہیں آسکتے۔




یہ تحقیق ہمیں ایک دلچسپ مشاہدے تک لے جاتی ہے۔


مشاہدہ 2: 1 سے 9 تک کے اعداد سے بنے جادوئی مربع کے درمیان میں لازماً 5 ہو گا۔

اب آیئے دیکھتے ہیں کہ سب سے چھوٹا عدد 1 اور سب سے بڑا عدد 9 جادوئی مربع میں کہاں آئیں گے۔ ہمارے دوسرے مشاہدے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں کنارے والے خانوں میں آئیں گے۔

آیئے ان خانوں کو دو اقسام میں تقسیم کرتے ہیں۔



کیا 1 کسی کونے والے خانے میں آسکتا ہے؟ مثال کے طور پر، کیا اسے اس طرح رکھا جاسکتا ہے؟



اگر ہاں، تو 1 کے ساتھ دو دوسرے اعداد ملا کر 15 بنانے کے تین طریقے ہونے چاہیے۔ ہمارے پاس: 1 + 5 + 9 = 15 اور 1 + 6 + 8 = 15

کیا اس کے علاوہ کوئی اور ترکیب ممکن ہے؟

اسی طرح، کیا 9 کو بھی کونے والے خانے میں رکھا جاسکتا ہے؟

APSCERT

Observation 3: The numbers 1 and 9 cannot occur in any corner, so they should occur in one of the middle positions.

Can you find the other possible positions for 1 and 9?

1	5	9

	1	
	5	
	9	


Now, we have one full row or column of the magic square! Try completing it!

[**Hint:** First fill the row or columns containing 1 and 9]




Figure it Out - 6.3

1. How many different magic squares can be made using the numbers 1 - 9?
2. Create a magic square using the numbers 2 - 10. What strategy would you use for this? Compare it with the magic squares made using 1 - 9.



3. Take a magic square, and
   (a) increase each number by 1
   (b) double each number
   In each case, is the resulting grid also a magic square? How do the magic sums change in each case?
4. What other operations can be performed on a magic square to yield another magic square?
5. Discuss ways of creating a magic square using any set of 9 consecutive numbers (like 2 - 10, 3 - 11, 9 - 17, etc.).



Generalising a 3 × 3 Magic Square

We can describe how the numbers within the magic square are related to each other, i.e., the structure of the magic square.

Choose any magic square that you have made so far using consecutive numbers. If m is the letter-number of the number in the centre, express how other numbers are related to m, how much more or less than m.

© NCERT

مشاہدہ 3: اعداد 1 اور 9 کسی بھی کونے میں نہیں آسکتے، اس لیے انہیں درمیانی خانوں میں آنا چاہیے۔

کیا آپ 1 اور 9 کی دوسری ممکنہ جگہیں معلوم کرسکتے ہیں؟

1	5	9

	1	
	5	
	9	

اب ہمارے پاس جادوئی مربع کی ایک پوری قطار یا ستون موجود ہے! اسے مکمل کرنے کی کوشش کیجیے۔

[**اشارہ:** پہلے وہ صف یا کالم مکمل کیجیے جس میں 1 اور 9 موجود ہوں۔]



حل کیجیے–6.3



1. 1 سے 9 تک کے اعداد استعمال کرتے ہوئے کتنے مختلف جادوئی مربع بنائے جاسکتے ہیں؟
2. 2 سے 10 تک کے اعداد استعمال کرتے ہوئے ایک جادوئی مربع بنائیے۔

اس کے لیے آپ کون سی حکمتِ عملی اختیار کریں گے؟ اس کا موازنہ 1 سے 9 والے جادوئی مربع سے کیجیے۔

3. کسی جادوئی مربع کو لیجیے، پھر:

(a) ہر عدد میں 1 کا اضافہ کیجیے۔ (b) ہر عدد کو دگنا کیجیے۔

ہر صورت میں کیا حاصل ہونے والا گرڈ بھی جادوئی مربع ہوگا؟ جادوئی مجموعہ (Magic Sum) کیسے بدلے گا؟

4. جادوئی مربع پر اور کون سے عمل (Operations) کیے جاسکتے ہیں جن سے ایک نیا جادوئی مربع حاصل ہو؟
5. کسی بھی 9 مسلسل اعداد (Consecutive Numbers) مثلاً: 10 - 2، 3 - 11، 9 - 17 وغیرہ استعمال کرتے ہوئے جادوئی مربع بنانے کے طریقوں پر گفتگو کیجیے۔



3 × 3 جادوئی مربع کی عمومیت

ہم بیان کرسکتے ہیں کہ جادوئی مربع کے اندر موجود اعداد ایک دوسرے سے کس طرح متعلق ہوتے ہیں، یعنی جادوئی مربع کی ساخت کیا ہوتی ہے۔ اب تک آپ نے مسلسل اعداد استعمال کرتے ہوئے جو بھی جادوئی مربع بنائے ہیں، ان میں سے کوئی ایک منتخب کیجیے۔ اگر درمیان والے عدد کو عددی حرف m سے ظاہر کریں، تو بتائیے کہ باقی اعداد m سے کس طرح متعلق ہیں، یعنی وہ m سے کتنے زیادہ یا کم ہیں۔

[**Hint:** Remember, how we described a 2 × 2 grid of a calendar month in the Algebraic Expressions chapter].

? Once the generalised form is obtained, share your observations with the class.






Figure it Out - 6.4

1. Using this generalised form, find a magic square if the centre number is 25.
2. What is the expression obtained by adding the 3 terms of any row, column or diagonal?
3. Write the result obtained by _____
   (a) adding 1 to every term in the generalised form.
   (b) doubling every term in the generalised form
4. Create a magic square whose magic sum is 60.
5. Is it possible to get a magic square by filling nine non-consecutive numbers?



The First-ever 4 × 4 Magic Square

The first ever recorded 4 × 4 magic square is found in a 10th century inscription at the Parshvanath Jain temple in Khajuraho, India, and is known as the Chautisa Yantra.



7	12	1	14
2	13	8	11
16	3	10	5
9	6	15	4

The first ever recorded 4 × 4 magic square, the Chautasa Yantra, at Khajuraho, India




[اشارہ: یاد کیجیے کہ الجبری عبارات کے باب میں ہم نے کیلنڈر کے 2 × 2 گرڈ کو کس طرح بیان کیا تھا۔]

جب عمومی شکل حاصل ہو جائے، تو اپنے مشاہدات جماعت کے ساتھ بانٹیں۔



حل کیجیے–6.4

1. اس عمومی شکل کو استعمال کرتے ہوئے ایک جادوئی مربع بنائیے جس کا درمیانی عدد 25 ہو۔
2. کسی بھی صف، کالم، یا ترچھی لکیر کے 3 اعداد کو جمع کرنے سے کون سی الجبری عبارت حاصل ہوتی ہے؟
3. درج ذیل صورتوں میں حاصل ہونے والا نتیجہ لکھیے:
   (a) عمومی شکل کے ہر عدد میں 1 کا اضافہ کرنے پر۔
   (b) عمومی شکل کے ہر عدد کو دگنا کرنے پر۔
4. ایسا جادوئی مربع بنائیے جس کا جادوئی مجموعہ 60 ہو۔
5. کیا 9 غیر مسلسل اعداد استعمال کر کے بھی جادوئی مربع بنایا جا سکتا ہے؟



پہلا 4 × 4 جادوئی مربع

تاریخ میں درج پہلا 4 × 4 جادوئی مربع بھارت کے کھجوراہو میں پارشوناتھ جین مندر کی دسویں صدی کی ایک تحریر میں ملا تھا، اور اسے "چوتیسا یانترا" کہا جاتا ہے۔



7	12	1	14
2	13	8	11
16	3	10	5
9	6	15	4


تاریخ میں درج پہلا 4 × 4 جادوئی مربع بھارت کے کھجوراہو میں

Chautis means 34. Why do you think they called it the Chautisa Yantra?

Every row, column and diagonal in this magic square adds up to 34.

Can you find other patterns of four numbers in the square that add up to 34?

Magic Squares in History and Culture



The first magic square ever recorded, the Lo Shu Square, dates back over 2000 years to ancient China. The legend tells of a catastrophic flood on the Lo River, during which the gods sent a turtle to save the people. The turtle carried a 3 × 3 grid on its back, with the numbers 1 to 9 arranged in a magical pattern.

2	7	6
9	5	1
4	3	8

Magic squares were studied in different parts of the world at different points of time including India, Japan, Central Asia, and Europe.

Indian mathematicians have worked extensively on magic squares, describing general methods of constructing them.

The work of Indian mathematicians was not just limited to 3 × 3 and 4 × 4 grids, which we considered above, but also extended to 5 × 5 and other larger square grids. We shall learn more about these in later grades.

The occurrence of magic squares is not limited to scholarly mathematical works. They are found in many places in India. The picture to the right is of a 3 × 3 magic square found on a pillar in a temple in Palani, Tamil Nadu. The temple dates back to the 8th century CE.




© NCERT not to be republished

"چوتیس" کا مطلب 34 ہے۔ آپ کے خیال میں اسے "چوتیسا یانترا" کیوں کہا گیا؟

اس جادوئی مربع کی ہر صف، ہر کالم، اور ہر ترچھی لکیر کے اعداد کا مجموعہ 34 بنتا ہے۔

کیا آپ مربع میں چار ایسے اعداد کے دوسرے نمونے تلاش کر سکتے ہیں جن کا مجموعہ 34 ہو؟

تاریخ اور ثقافت میں جادوئی مربع



2	7	6
9	5	1
4	3	8

تاریخ میں سب سے پہلا درج شدہ جادوئی مربع "لوشو مربع" تھا، جو 2000 سال سے بھی زیادہ پرانا ہے اور قدیم چین سے تعلق رکھتا ہے۔ روایت کے مطابق دریائے لو میں ایک تباہ کن سیلاب آیا، جس کے دوران دیوتاؤں نے لوگوں کو بچانے کے لیے ایک کچھوا بھیجا۔ اس کچھوے کی پشت پر 3 × 3 کا ایک مربع بنا ہوا تھا، جس میں 1 سے 9 تک کے اعداد ایک جادوئی ترتیب میں لکھے ہوئے تھے۔


جادوئی مربعوں کا مطالعہ دنیا کے مختلف حصوں جیسے بھارت، جاپان، وسطی ایشیا، اور یورپ میں مختلف ادوار میں کیا گیا۔ بھارتی ماہرینِ ریاضی نے جادوئی مربعوں پر بہت کام کیا اور انہیں بنانے کے عمومی طریقے بیان کیے۔

بھارتی ماہرینِ ریاضی کا کام صرف 3 × 3 اور 4 × 4 مربعوں تک محدود نہیں تھا، بلکہ انہوں نے 5 × 5 اور اس سے بڑے مربعوں پر بھی تحقیق کی۔ ہم اگلی جماعتوں میں ان کے بارے میں مزید سیکھیں گے۔


جادوئی مربع صرف علمی ریاضیاتی کتابوں تک محدود نہیں ہیں، بلکہ یہ بھارت کے مختلف مقامات پر بھی پائے جاتے ہیں۔ دائیں جانب دی گئی تصویر تمل ناڈو کے شہر پلانی کے ایک مندر کے ستون پر بنے ہوئے 3 × 3 جادوئی مربع کی ہے۔ یہ مندر آٹھویں صدی عیسوی سے تعلق رکھتا ہے۔



3 × 3 magic squares can also be found in homes and shops in India. The Navagraha Yantra is one such example shown below.



Notice that a different magic sum is associated with each graha. A picture of a Kubera Yantra is shown below:




6.4 Nature's Favourite Sequence: The Virahanka-Fibonacci Numbers!

The sequence 1, 2, 3, 5, 8, 13, 21, 34, . . . (Virahanka-Fibonacci Numbers) is one of the most celebrated sequences in all of mathematics - it occurs throughout the world of Art, Science, and Mathematics. Even though these numbers are found very frequently in Science, it is remarkable that these numbers were first discovered in the context of Art (specifically, poetry)!


The Virahanka-Fibonacci Numbers thus provide a beautiful illustration of the close links between Art, Science, and Mathematics.

© NCERT

3 × 3 جادوئی مربع بھارت میں گھروں اور دکانوں میں بھی پائے جاتے ہیں۔
نواگرہ یانتر اس کی ایک مثال ہے جو نیچے دکھائی گئی ہے۔



نوٹ کیجیے کہ ہر گرہ کے ساتھ ایک مختلف جادوئی مجموعہ وابستہ ہے۔
نیچے کبیر یانتر اکی ایک تصویر دکھائی گئی ہے۔



6.4 فطرت کی پسندیدہ ترتیب: وراہنک۔ فیبونیکی اعداد!

ترتیب 1، 2، 3، 5، 8، 13، 21، 34، . . . (وراہنک۔ فیبونیکی اعداد) ریاضی کی سب سے مشہور سلسلوں میں سے ایک ہے۔ یہ فن، سائنس، اور ریاضی کی دنیا میں بار بار نظر آتی ہے۔ اگرچہ یہ اعداد سائنس میں بہت زیادہ پائے جاتے ہیں، لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ ان کی دریافت سب سے پہلے فن، خصوصاً شاعری کے تناظر میں ہوئی تھی۔ اس طرح وراہنک۔ فیبونیکی اعداد فن، سائنس، اور ریاضی کے درمیان گہرے تعلق کی ایک خوبصورت مثال پیش کرتے ہیں۔

Discovery of the Virahanka Numbers

The Virahanka numbers first came up thousands of years ago in the works of Sanskrit and Prakrit linguists in their study of poetry!

In the poetry of many Indian languages, including, Prakrit, Sanskrit, Marathi, Malayalam, Tamil, and Telugu, each syllable is classified as either long or short.

A long syllable is pronounced for a longer duration than a short syllable - in fact, for exactly twice as long. When singing such a poem, a short syllable lasts one beat of time, and a long syllable lasts two beats of time.

This leads to numerous mathematical questions, which the ancient poets in these languages considered extensively. A number of important mathematical discoveries were made in the process of asking and answering these questions about poetry.

One of these particularly important questions was the following.

How many rhythms are there with 8 beats consisting of short syllables (1 beat) and long syllables (2 beats)? That is, in how many ways can one fill 8 beats with short and long syllables, where a short syllable takes one beat of time and a long syllable takes two beats of time.

Here are some possibilities:

long long long long

short short short short short short short short

short short **long long** short **long**

long long short short **long**

Can you find others?

Phrased more mathematically: In how many different ways can one write a number, say 8, as a sum of 1's and 2's?

For example, we have:

$8 = 2 + 2 + 2 + 2,$

$8 = 1 + 1 + 1 + 1 + 1 + 1 + 1 + 1,$

$8 = 1 + 2 + 2 + 1 + 2,$

$8 = 2 + 2 + 1 + 1 + 2,$

etc.

Do you see other ways?

Here are all the ways of writing each of the numbers 1, 2, 3, and 4, as the sum of **1's** and **2's**.

© NCERT not to be republished

وراہنک اعداد کی دریافت

وراہنک اعداد ہزاروں سال پہلے سنسکرت اور پراکرت کے ماہرینِ لسانیات کے شعری مطالعوں میں پہلی بار سامنے آئے۔ بھارت کی کئی زبانوں، جیسے پراکرت، سنسکرت، مراٹھی، ملیالم، تمل، اور تیلگو کی شاعری میں ہر ہجے کو یا تو طویل (لمبا) یا مختصر (چھوٹا) شمار کیا جاتا ہے۔

طویل ہجے کو مختصر ہجے کے مقابلے میں زیادہ دیر تک ادا کیا جاتا ہے، دراصل بالکل دوگنی مدت تک۔ جب ایسی شاعری گائی جاتی ہے تو مختصر ہجہ ایک ماترا یا ایک تھاپ کے برابر ہوتا ہے، جبکہ طویل ہجہ دو ماتراؤں یا دو تھاپوں کے برابر ہوتا ہے۔

اس سے کئی ریاضیاتی سوالات پیدا ہوتے ہیں، جن پر قدیم شعرا نے گہرائی سے غور کیا۔ شاعری سے متعلق ان سوالات کو پوچھنے اور حل کرنے کے عمل میں کئی اہم ریاضیاتی دریافتیں ہوئیں۔

ان میں سے ایک اہم سوال یہ تھا:

8 ماتراؤں والی کتنی مختلف تالیں بن سکتی ہیں جن میں مختصر ہجے (1 ماترا) اور طویل ہجے (2 ماترائیں) شامل ہوں؟ یعنی 8 ماتراؤں کو مختصر اور طویل ہجوں سے کتنے مختلف طریقوں سے بھرا جا سکتا ہے، اگر مختصر ہجہ 1 ماترا اور طویل ہجہ 2 ماترائیں لیتا ہو۔ چند مثالیں یہ ہیں:

طویل + طویل + طویل + طویل

مختصر + مختصر + مختصر + مختصر + مختصر + مختصر + مختصر + مختصر

مختصر + مختصر + طویل + طویل + مختصر + طویل

طویل + طویل + مختصر + مختصر + طویل

کیا آپ مزید طریقے تلاش کر سکتے ہیں؟

ریاضیاتی انداز میں یہ سوال یوں بیان کیا جا سکتا ہے: کسی عدد، مثلاً 8، کو 1 اور 2 کے مجموعے کی صورت میں کتنے مختلف طریقوں سے لکھا جا سکتا ہے؟ مثال کے طور پر:

$8 = 2 + 2 + 2 + 2,$

$8 = 1 + 1 + 1 + 1 + 1 + 1 + 1 + 1,$

$8 = 1 + 2 + 2 + 1 + 2,$

$8 = 2 + 2 + 1 + 1 + 2,$

وغیرہ۔ کیا آپ مزید طریقے دیکھ سکتے ہیں؟

یہاں 1، 2، 3، اور 4 کو 1 اور 2 کے مجموعے کی صورت میں لکھنے کے تمام طریقے دیے گئے ہیں۔

	Different Ways	Number of Ways
n = 1	1	1
n = 2	1 + 1 2	2
n = 3	1 + 1 + 1 1 + 2 2 + 1	3
n = 4	1 + 1 + 1 + 1 1 + 1 + 2 1 + 2 + 1 2 + 1 + 1 2 + 2	5

Try writing the number 5 as a sum of 1s and 2s in all possible ways in your notebook! How many ways did you find? (You should find 8 different ways!) Can you figure out the answer without listing down all the possibilities? Can you try it for n = 8?

Here is a systematic way to write down all rhythms of short and long syllables having 5 beats. Write a '1+' in front of all rhythms having 4 beats, and then a '2+' in front of all rhythms having 3 beats. This gives us all the rhythms having 5 beats :

n = 5	1 + 1 + 1 + 1 + 1 1 + 1 + 1 + 2 1 + 1 + 2 + 1 1 + 2 + 1 + 1 1 + 2 + 2	2 + 1 + 1 + 1 2 + 1 + 2 2 + 2 + 1

Thus, there are 8 rhythms having 5 beats!

The reason this method works is that every 5-beat rhythm must begin with either a '1+' or a '2+'. If it begins with a '1+', then the remaining numbers must give a 4-beat rhythm, and we can write all those down. If it begins with a 2+, then the remaining number must give a 3-beat rhythm, and we can write all those down. Therefore, the number of 5-beat rhythms is the number of 4-beat rhythms, plus the number of 3-beat rhythms.

	مختلف طریقے	طریقوں کی تعداد
n = 1	1	1
n = 2	1 + 1 2	2
n = 3	1 + 1 + 1 1 + 2 2 + 1	3
n = 4	1 + 1 + 1 + 1 1 + 1 + 2 1 + 2 + 1 2 + 1 + 1 2 + 2	5

اپنی کاپی میں عدد 5 کو 1 اور 2 کے مجموعے کی صورت میں تمام ممکنہ طریقوں سے لکھیے! آپ کو کتنے طریقے ملے؟ (آپ کو 8 مختلف طریقے ملنے چاہیے!) کیا آپ تمام امکانات لکھے بغیر جواب معلوم کر سکتے ہیں؟ کیا آپ n = 8 کے لیے بھی یہ آزما سکتے ہیں؟

یہاں 5 ماتراؤں والی مختصر اور طویل ہجوں کی تمام تالیں منظم طریقے سے لکھنے کا ایک طریقہ دیا گیا ہے۔ 4 ماتراؤں والی تمام تالوں کے آگے '1 +' لکھیے، اور پھر 3 ماتراؤں والی تمام تالوں کے آگے '2 +' لکھیے۔ اس طرح ہمیں 5 ماتراؤں والی تمام تالیں حاصل ہو جاتی ہیں:

n = 5	1 + 1 + 1 + 1 + 1 1 + 1 + 1 + 2 1 + 1 + 2 + 1 1 + 2 + 1 + 1 1 + 2 + 2	2 + 1 + 1 + 1 2 + 1 + 2 2 + 2 + 1

اس طرح 5 ماتراؤں والی 8 مختلف تالیں بنتی ہیں!

یہ طریقہ اس لیے کام کرتا ہے کیونکہ ہر 5 ماتراؤں والی تال کی ابتدا یا تو '1 +' سے ہو گی یا '2 +' سے۔

اگر تال '1 +' سے شروع ہو، تو باقی اعداد کو 4 ماتراؤں کی تال بنانی ہو گی، اور ہم ان سب کو لکھ سکتے ہیں۔ اور اگر تال '2 +' سے شروع ہو، تو باقی اعداد کو 3 ماتراؤں کی تال بنانی ہو گی، اور ہم ان سب کو بھی لکھ سکتے ہیں۔

لہٰذا، 5 ماتراؤں والی تالوں کی تعداد = 4 ماتراؤں والی تالوں کی تعداد + 3 ماتراؤں والی تالوں کی تعداد۔

How many 6-beat rhythms are there? By the same reasoning, it will be the number of 5-beat rhythms plus the number of 4-beat rhythms, i.e., 8 + 5 = 13. Thus, there are 13 rhythms having 6 beats.

Use the systematic method to write down all 6-beat rhythms, i.e., write 6 as the sum of 1's and 2's in all possible ways. Did you get 13 ways?

This beautiful method for counting all the rhythms of short syllables and long syllables having any given number of beats was first given by the great Prakrit scholar Virahanka around the year 700 CE. He gave his method in the form of a Prakrit poem! For this reason, the sequence 1, 2, 3, 5, 8, 13, 21, 34, . . . is known as the **Virahanka sequence**, and the numbers in the sequence are known as the **Virahanka numbers**. **Virahanka** was the first known person in history to explicitly consider these important numbers and write down the rule for their formation. Other scholars in India also considered these numbers in the same poetic context. **Virahanka** was inspired by earlier work of the legendary Sanskrit scholar Pingala, who lived around 300 BCE. After **Virahanka**, these numbers were also written about by Gopala (c. 1135 CE) and then by Hemachandra (c. 1150 CE).

In the West, these numbers have been known as the **Fibonacci numbers**, after the Italian mathematician who wrote about them in the year 1202 CE - about 500 years after **Virahanka**. As we can see, Fibonacci was not first, nor the second, not even the third person to write about these numbers! Sometimes the term "**Virahanka-Fibonacci numbers**" is used so that everyone understands what is being referred to.

So, how many rhythms of short and long syllables are there having 8 beats? We simply take the 8th element of the **Virahanka** sequence: 1, 2, 3, 5, 8, 13, 21, 34, 55, ...

Thus, there are 34 rhythms having 8 beats.

Write the next number in the sequence, after 55.

We have seen that the next number in the sequence is given by adding the two previous numbers. Check that this holds true for the numbers given above. The next number is 34 + 55 = 89.

APSCERT

6 ماتراؤں والی کتنی تالیں ہوں گی؟ اسی دلیل کے مطابق، یہ 5 ماتراؤں والی تالوں کی تعداد اور 4 ماتراؤں والی تالوں کی تعداد کے مجموعے کے برابر ہو گی، یعنی: 13 = 5 + 8 لہٰذا، 6 ماتراؤں والی 13 تالیں بنتی ہیں۔

منظم طریقہ استعمال کرتے ہوئے 6 ماتراؤں والی تمام تالیں لکھیے، یعنی 6 کو 1 اور 2 کے مجموعے کی صورت میں تمام ممکنہ طریقوں سے ظاہر کیجیے۔ کیا آپ کو 13 طریقے ملے؟

مختصر اور طویل ہجوں والی تالوں کو گننے کا یہ خوبصورت طریقہ سب سے پہلے عظیم پراکرت عالم وراہنک نے تقریباً 700 عیسوی میں پیش کیا تھا۔ انہوں نے اپنا طریقہ ایک پراکرت نظم کی صورت میں بیان کیا تھا! اسی وجہ سے ترتیب 1، 2، 3، 5، 8، 13، 21، 34، . . . کو "**وراہنک ترتیب**" کہا جاتا ہے، اور اس ترتیب کے اعداد "**وراہنک اعداد**" کہلاتے ہیں۔ **وراہنک** تاریخ میں پہلے معلوم شخص تھے جنہوں نے ان اہم اعداد پر واضح طور پر غور کیا اور ان کی تشکیل کا اصول لکھا۔ بھارت کے دوسرے علماء نے بھی شاعری کے اسی تناظر میں ان اعداد پر کام کیا۔ **وراہنک**، مشہور سنسکرت عالم پنگل کے پہلے کے کام سے متاثر تھے، جو تقریباً 300 قبل مسیح میں زندہ تھے۔ **وراہنک** کے بعد ان اعداد کے بارے میں گوپال (تقریباً 1135 عیسوی) اور پھر ہیماچندر (تقریباً 1150 عیسوی) نے بھی لکھا۔

مغرب میں یہ اعداد "**فیبونیکی اعداد**" کے نام سے مشہور ہوئے، اطالوی ماہرِ ریاضی فیبوناچی کے نام پر، جس نے 1202 عیسوی میں ان کے بارے میں لکھا— یعنی **وراہنک** کے تقریباً 500 سال بعد۔ جیسا کہ ہم دیکھ سکتے ہیں، فیبوناچی نہ پہلے شخص تھے، نہ دوسرے، بلکہ تیسرے بھی نہیں، جنہوں نے ان اعداد کے بارے میں لکھا! اسی لیے کبھی کبھی "**وراہنک۔ فیبونیکی اعداد**" کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے تاکہ درست تاریخی پس منظر واضح ہو۔

تو مختصر اور طویل ہجوں والی 8 ماتراؤں کی کتنی تالیں ہوں گی؟ ہم صرف وراہنک ترتیب کا آٹھواں عدد لیتے ہیں:

1، 2، 3، 5، 8، 13، 21، 34، 55، ...

لہٰذا، 8 ماتراؤں والی 34 تالیں بنتی ہیں۔

55 کے بعد ترتیب میں آنے والا اگلا عدد لکھیے۔

ہم نے دیکھا کہ ترتیب کا اگلا عدد، اس سے پہلے والے دو اعداد کو جمع کر کے حاصل ہوتا ہے۔ اوپر دی گئی ترتیب میں اس اصول کو چیک کیجیے۔

اگلا عدد ہے: 34 + 55 = 89

Write the next 3 numbers in the sequence:
1, 2, 3, 5, 8, 13, 21, 34 , 55, 89, _____, _____, _____, ...
If you have to write one more number in the sequence above, can you tell whether it will be an odd number or an even number (without adding the two previous numbers)?

What is the parity of each number in the sequence? Do you notice any pattern in the sequence of parities?

Today, the **Virahanka-Fibonacci** numbers form the basis of many mathematical and artistic theories, from poetry to drumming, to visual arts and architecture, to science. Perhaps the most stunning occurrences of these numbers are in nature. For example, the number of petals on a daisy is generally a **Virahanka** number.

How many petals do you see on each of these flowers?



A daisy with 13 petals | *A daisy with 21 petals* | *A daisy with 34 petals*

There are many other remarkable mathematical properties of the **Virahanka-Fibonacci numbers** that we will see later, in mathematics as well as in other subjects.



These numbers truly exemplify the close connections between Art, Science, and Mathematics.

6.5 Digits in Disguise

You have done arithmetic operations with numbers. How about doing the same with letters?

In the calculations below, digits are replaced by letters. Each letter stands for a particular digit (0 - 9). You have to figure out which digit each letter stands for.

$$\begin{array}{r} T \\ T \\ +\ T \\ \hline U\ T \\ \hline \end{array}$$

ترتیب کے اگلے 3 اعداد لکھیے:

1، 2، 3، 5، 8، 13، 21، 34، 55، 89، _____، _____، _____، ...

اگر آپ کو اس ترتیب میں ایک اور عدد لکھنا ہو، تو کیا آپ بغیر پچھلے دو اعداد کو جمع کیے بتا سکتے ہیں کہ وہ طاق ہو گا یا جفت؟

ترتیب کے ہر عدد کی طاق یا جفت حیثیت معلوم کیجیے۔ کیا آپ کو طاق اور جفت کی ترتیب میں کوئی نمونہ نظر آتا ہے؟

آج **وراہنک۔ فیبونیکی** اعداد شاعری، ڈھول کی تھاپ، بصری فنون، تعمیرات، اور سائنس سمیت بہت سے ریاضیاتی اور فنی نظریات کی بنیاد بن چکے ہیں۔ شاید ان اعداد کی سب سے حیرت انگیز موجودگی فطرت میں نظر آتی ہے۔ مثال کے طور پر، گل داؤدی کے پھول کی پنکھڑیوں کی تعداد عموماً ایک **وراہنک عدد** ہوتی ہے۔

آپ کو ان پھ



34 پنکھڑیوں کا ایک گل داؤدی



21 پنکھڑیوں کا ایک گل داؤدی



13 پنکھڑیوں کا ایک گل داؤدی



وراہنک۔ فیبونیکی اعداد کی اور بھی بہت سی حیرت انگیز ریاضیاتی خصوصیات ہیں جنہیں ہم بعد میں ریاضی اور دوسرے مضامین میں دیکھیں گے۔ یہ اعداد واقعی فن، سائنس، اور ریاضی کے درمیان گہرے تعلق کی بہترین مثال ہیں۔

6.5 بھیس بدلے ہوئے ہندسے

آپ اعداد کے ساتھ حسابی عمل کر چکے ہیں۔ اب حروف کے ساتھ یہی کام کرنے کے بارے میں کیا خیال ہے؟ نیچے دی گئی حسابی مثالوں میں ہندسوں کی جگہ حروف استعمال کیے گئے ہیں۔ ہر حرف کسی خاص ہندسے (0 تا 9) کی نمائندگی کرتا ہے۔ آپ کو معلوم کرنا ہے کہ ہر حرف کس ہندسے کی نمائندگی کر رہا ہے۔

$$\begin{array}{r} T \\ T \\ +\ T \\ \hline U\ T \\ \hline \end{array}$$

Here, we have a one-digit number that, when added to itself twice, gives a 2-digit sum. The units digit of the sum is the same as the single digit being added.

What could U and T be? Can T be 2? Can it be 3?

Once you explore, you will see that T = 5 and UT = 15.

Let us look at one more example shown on the right. Here K2 means that the number is a 2-digit number having the digit '2' in the units place and 'K' in the tens place. K2 is added to itself to give a 3-digit sum HMM. What digit should the letter M correspond to? Both the tens place and the units place of the sum have the same digit.

$$\begin{array}{r} K2 \\ +\ K2 \\ \hline HMM \end{array}$$

What about H? Can it be 2? Can it be 3?

These types of questions can be interesting and fun to solve! Here are some more questions like this for you to try out. Find out what each letter stands for.

Share how you thought about each question with your classmates; you may find some new approaches.

$$\begin{array}{r} YY \\ +Z \\ \hline ZOO \end{array} \qquad \begin{array}{r} B5 \\ +3D \\ \hline ED5 \end{array} \qquad \begin{array}{r} KP \\ +\ KP \\ \hline PRR \end{array} \qquad \begin{array}{r} C1 \\ +\ C \\ \hline 1FF \end{array}$$

These types of questions are called 'cryptarithms' or 'alphametics'.



Figure it Out - 6.5

1. A light bulb is ON. Swathi toggles its switch 77 times. Will the bulb be on or off? Why?
2. Sarala has a large old encyclopaedia. When she opened it, several loose pages fell out of it. She counted 50 sheets in total, each printed on both sides. Can the sum of the page numbers of the loose sheets be 6000? Why or why not?

APSCERT

یہاں ہمارے پاس ایک ہندسے والا عدد ہے جسے خود اس کے ساتھ دوبار جمع کرنے پر دو ہندسوں والا مجموعہ حاصل ہوتا ہے۔ مجموعے کے اکائی والے ہندسے میں وہی ہندسہ آتا ہے جو بار بار جمع کیا جارہا ہے۔

U اور T کیا ہوسکتے ہیں؟ کیا T کی قیمت 2 ہوسکتی ہے؟ کیا یہ 3 ہوسکتی ہے؟

جب آپ غور کریں گے تو معلوم ہوگا کہ: T = 5 اور UT = 15

اب دائیں جانب دی گئی ایک اور مثال دیکھتے ہیں۔

$$\begin{array}{r} K2 \\ +\ K2 \\ \hline HMM \end{array}$$

یہاں K2 کا مطلب ہے کہ عدد دو ہندسوں پر مشتمل ہے، جس کے اکائی والے مقام پر 2 اور دہائی والے مقام پر K ہے۔ K2 کو خود اس کے ساتھ جمع کرنے پر تین ہندسوں والا مجموعہ HMM حاصل ہوتا ہے۔

حرف M کس ہندسے کی نمائندگی کرے گا؟ مجموعے کے دہائی اور اکائی دونوں مقامات پر ایک ہی ہندسہ ہے۔

اور H کے بارے میں کیا خیال ہے؟ کیا یہ 2 ہوسکتا ہے؟ کیا یہ 3 ہوسکتا ہے؟

اس قسم کے سوالات حل کرنا دلچسپ اور مزے دار ہوسکتا ہے! نیچے اسی طرح کے مزید سوالات دیے گئے ہیں۔ معلوم کیجیے کہ ہر حرف کس ہندسے کی نمائندگی کرتا ہے۔

اپنے جماعتی ساتھیوں کے ساتھ یہ بھی تبادلہ خیال کیجیے کہ آپ نے ہر سوال کے بارے میں کیسے سوچا؛ ممکن ہے آپ کو نئے طریقے معلوم ہوں۔

$$\begin{array}{r} YY \\ +\ Z \\ \hline ZOO \end{array} \qquad \begin{array}{r} B5 \\ +3D \\ \hline ED5 \end{array} \qquad \begin{array}{r} KP \\ +\ KP \\ \hline PRR \end{array} \qquad \begin{array}{r} C1 \\ +\ C \\ \hline 1FF \end{array}$$


اس قسم کے سوالات کو "کرپٹار تھمس" یا "الفامیٹکس" کہا جاتا ہے۔



حل کیجیے–6.5

1. ایک بلب روشن ہے۔ سواتھی (Swathi) اس کا سوئچ 77 بار بدلتی ہے۔ کیا بلب آخر میں روشن ہوگا یا بند؟ کیوں؟
2. سارلا کے پاس ایک بڑی پرانی انسائیکلوپیڈیا ہے۔ جب اس نے اسے کھولا تو اس میں سے کئی ڈھیلے صفحات نکل آئے۔ اس نے کل 50 کاغذی ورق گنے، جن کے دونوں طرف صفحہ نمبر چھپے ہوئے تھے۔ کیا ان ڈھیلے صفحات کے صفحہ نمبروں کا مجموعہ 6000 ہوسکتا ہے؟ کیوں یا کیوں نہیں؟


3. Here is a 2 × 3 grid. For each row and column, the parity of the sum is written in the circle; 'e' for even and 'o' for odd. Fill the 6 boxes with 3 odd numbers ('o') and 3 even numbers ('e') to satisfy the parity of the row and column sums.



4. Make a 3 × 3 magic square with 0 as the magic sum. All numbers can not be zero. Use negative numbers, as needed.
5. Fill in the following blanks with 'odd' or 'even':
   (a) Sum of an odd number of even numbers is _____
   (b) Sum of an even number of odd numbers is _____
   (c) Sum of an even number of even numbers is _____
   (d) Sum of an odd number of odd numbers is _____
6. What is the parity of the sum of the numbers from 1 to 100?
7. Two consecutive numbers in the Virahanka sequence are 987 and 1597. What are the next 2 numbers in the sequence? What are the previous 2 numbers in the sequence?
8. Chakravarthi wants to climb an 8-step staircase. His playful rule is that he can take either 1 step or 2 steps at a time. For example, one of his paths is 1, 2, 2, 1, 2. In how many different ways can he reach the top?
9. What is the parity of the 20th term of the Virah??ka sequence?
10. Identify the statements that are true.
    (a) The expression 4m - 1 always gives odd numbers.
    (b) All even numbers can be expressed as 6j - 4.
    (c) Both expressions 2p + 1 and 2q - 1 describe all odd numbers.
    (d) The expression 2f + 3 gives both even and odd numbers.
11. Solve this cryptarithm:

$$\begin{array}{r} UT \\ +\ TA \\ \hline TAT \end{array}$$

APSCERT



3. یہاں ایک 2 × 3 جال (Grid) دیا گیا ہے۔ ہر صف اور کالم کے لیے مجموعے کی parity دائرے میں لکھی گئی ہے؛ 'e' یعنی even (جفت) اور 'o' یعنی odd (طاق)۔ 6 خانوں میں 3 طاق اعداد ('o') اور 3 جفت اعداد ('e') اس طرح بھریں کہ صفوں اور کالموں کے مجموعوں کی parity درست ہو جائے۔

4. ایک 3 × 3 جادوئی مربع (Magic Square) بنائیں جس کا جادوئی مجموعہ 0 ہو۔ تمام اعداد صفر نہیں ہونے چاہئیں۔ ضرورت پڑنے پر منفی اعداد استعمال کریں۔

5. خالی جگہوں میں 'odd' یا 'even' لکھیں:

(a) جفت اعداد کی طاق تعداد کا مجموعہ _____

(b) طاق اعداد کی جفت تعداد کا مجموعہ _____

(c) جفت اعداد کی جفت تعداد کا مجموعہ _____

(d) طاق اعداد کی طاق تعداد کا مجموعہ _____

6. 1 سے 100 تک اعداد کے مجموعے کی parity کیا ہے؟

7. Virahanka سلسلے میں دو مسلسل اعداد 987 اور 1597 ہیں۔ سلسلے کے اگلے 2 اعداد کیا ہوں گے؟ اور پچھلے 2 اعداد کیا تھے؟

8. چکرورتی ایک 8 سیڑھیوں والی سیڑھی چڑھنا چاہتا ہے۔ اس کا اصول یہ ہے کہ وہ ایک وقت میں یا تو 1 قدم لے سکتا ہے یا 2 قدم۔ مثال کے طور پر اس کا ایک راستہ یہ ہے: 1، 2، 2، 1، 2

وہ کتنے مختلف طریقوں سے اوپر پہنچ سکتا ہے؟

9. Virahanka سلسلے کے 20 ویں عدد کی parity کیا ہے؟

10. درست بیانات کی نشاندہی کریں:

(a) عبارت $4m-1$ ہمیشہ طاق اعداد دیتا ہے۔

(b) تمام جفت اعداد کو $4-6j$ کی صورت میں لکھا جا سکتا ہے۔

(c) دونوں اظہار $2p+1$ اور $2q-1$ تمام طاق اعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔

(d) اظہار $2f+3$ کبھی جفت اور کبھی طاق اعداد دیتا ہے۔

11. اس cryptarithm کو حل کریں:


$$\begin{array}{r} UT \\ +\ TA \\ \hline TAT \\ \hline \end{array}$$

AP SCERT

SUMMARY

In this chapter, we have explored the following:

- In the first activity, we saw how to represent information about how a sequence of numbers (e.g., height measures) is arranged without knowing the actual numbers.
- We learnt the notion of parity — numbers that can be arranged in pairs (even numbers) and numbers that cannot be arranged in pairs (odd numbers).
- We learnt how to determine the parity of sums and products.
- While exploring sums in grids, we could determine whether filling a grid is impossible by looking at the row and column sums. We extended this to construct magic squares.
- We saw how Virahanka numbers were first discovered in history through the Arts. The Virahan7ka sequence is 1, 2, 3, 5, 8, 13, 21, 34, 55, ...
- We became math-detectives through cryptarithms, where digits are replaced by letters.




خلاصہ

اس باب میں ہم نے درج ذیل باتوں کا مطالعہ کیا:

- پہلی سرگرمی میں ہم نے دیکھا کہ اعداد کی ایک ترتیب (مثلاً قد کی پیمائش) کو اصل اعداد جانے بغیر کیسے ظاہر کیا جاسکتا ہے۔
- ہم نے parity کا تصور سیکھا— وہ اعداد جو جوڑوں میں ترتیب دیے جاسکتے ہیں (جفت اعداد) اور وہ اعداد جو جوڑوں میں ترتیب نہیں دیے جاسکتے (طاق اعداد)۔
- ہم نے مجموعوں اور حاصلِ ضرب کی parity معلوم کرنا سیکھا۔
- گرڈ میں مجموعوں کی تلاش کے دوران ہم نے دیکھا کہ صفوں اور کالموں کے مجموعوں کو دیکھ کر معلوم کیا جاسکتا ہے کہ کسی گرڈ کو بھرنا ممکن ہے یا ناممکن۔ اسی تصور کو ہم نے جادوئی مربع بنانے تک بڑھایا۔
- ہم نے دیکھا کہ وراہنک اعداد تاریخ میں سب سے پہلے فنون کے ذریعے دریافت کیے گئے۔

وراہنک سلسلہ یہ ہے: 1, 2, 3, 5, 8, 13, 21, 34, 55, ...

- ہم cryptarithms کے ذریعے ریاضی کے جاسوس بنے، جہاں اعداد کی جگہ حروف استعمال کیے جاتے ہیں۔



7 A TALE OF THREE INTERSECTING LINES

J9F8F2

Learning outcomes:

Learners will be able to


- Understand the properties of triangles and construct an equilateral triangle using a compass and ruler.
- Construct triangles using given conditions such as SSS, SAS, and ASA.
- Understand and verify the Triangle Inequality Property through activities and examples.
- Visualise triangle construction using circles and geometric tools like a compass and ruler.
- Identify and construct altitudes in different types of triangles through **hands-on activities.**
- Classify triangles based on sides and angles and relate them to real-life shapes.

7.0 Introduction

A triangle is the most basic closed shape. As we knew that, it consists of:

- three corner points, that we call the vertex of the triangle, and
- three line segments or the sides of the triangle that join the pairs of vertices.

Triangles come in various shapes. Some of them are shown below.



7 تین متقاطع خطوط کی کہانی

K6I4P9

اکتسابی نتائج:

طلبہ اس قابل بنیں گے


- مثلث کی خصوصیات کو سمجھیں سکیں گے اور پرکار و پیمانے کی مدد سے ایک مساوی الاضلاع مثلث بنا سکیں گے۔
- دی گئی شرائط جیسے SSS، SAS، اور ASA کی مدد سے مثلثات بنا سکیں گے۔
- سرگرمیوں اور مثالوں کے ذریعے مثلثی نامساواتی خاصیت کو سمجھیں گے اور اس کی تصدیق کر سکیں گے۔
- دائروں اور جیومیٹری کے آلات جیسے پرکار اور پیمانے کی مدد سے مثلث کی تعمیر کا تصور کر سکیں گے۔
- مختلف اقسام کے مثلثات میں ارتفاعات کی شناخت کریں گے اور عملی سرگرمیوں کے ذریعے انہیں بنا سکیں گے۔
- اضلاع اور زاویوں کی بنیاد پر مثلثات کی درجہ بندی کریں گے اور انہیں حقیقی زندگی کی اشکال سے جوڑ سکیں گے۔

7.0 تعارف

مثلث سب سے بنیادی بند شکل ہے۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں، اس میں شامل ہوتے ہیں :

- تین کونے والے نقاط، جنہیں ہم مثلث کے راس کہتے ہیں، اور
- تین خطی قطعے یا مثلث کی اضلاع، جو راسوں کے جوڑوں کو ملاتے ہیں۔

مثلث مختلف شکلوں میں پائے جاتے ہیں۔ ان میں سے چند ذیل میں دکھائے گئے ہیں۔



Observe the symbol used to denote a triangle and how the triangles are named using their vertices. While naming a triangle, the vertices can come in any order.

The three sides meeting at the corners give rise to three angles that we call the angles of the triangle. For example, in ΔABC, these angles are $\angle CAB$, $\angle ABC$, $\angle BCA$, which we simply denote as $\angle A$, $\angle B$ and $\angle C$, respectively.

What happens when the three vertices lie on a straight line?

Triangles Around Us

Triangles are everywhere around us in daily life. Here are some clear real-life examples of triangle shapes:

1. Many mountains look like triangles.

   Example: Mount Fuji

2. Most house roofs are triangular to allow rainwater to flow down easily.
3. Warning signs are often triangular in shape.

   Example: Road warning sign boards in India



4. A set square used in mathematics is a perfect triangle.
5. The sides of the Eiffel Tower form triangular shapes for strength.
6. Boat sails are often triangular to catch wind properly.
7. Many bridges use triangular designs for strength.

   Example: Howrah Bridge

AP SCERT

مثلث کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہونے والی علامت کا مشاہدہ کریں اور دیکھیں کہ مثلثات کو ان کے راسوں کے ذریعے کیسے نام دیا جاتا ہے۔ مثلث کا نام رکھتے وقت راس کسی بھی ترتیب میں ہو سکتے ہیں۔

کونوں پر ملنے والی تین اضلاع سے تین زاویے بنتے ہیں جنہیں ہم مثلث کے زاویے کہتے ہیں۔ مثال کے طور پر، $\triangle ABC$ میں یہ زاویے $\angle CAB$، $\angle ABC$، $\angle BCA$ ہیں، جنہیں ہم سادہ طور پر $\angle A$، $\angle B$ اور $\angle C$ کہتے ہیں۔

اگر تینوں راس ایک ہی سیدھی لکیر پر واقع ہوں تو کیا ہو گا؟

مثلثات ہمارے اطراف

روزمرہ زندگی میں مثلثات ہر جگہ ہمارے اطراف موجود ہیں۔ مثلثی شکلوں کی چند واضح حقیقی مثالیں یہ ہیں :


1. بہت سے پہاڑ مثلث کی شکل کے نظر آتے ہیں۔

   مثال: ماؤنٹ فوجی

2. زیادہ تر گھروں کی چھتیں مثلثی ہوتی ہیں تاکہ بارش کا پانی آسانی سے بہہ جائے۔

3. انتباہی نشان اکثر مثلثی شکل کے ہوتے ہیں۔

   مثال: ہندوستان میں سڑکوں کے انتباہی بورڈ



4. ریاضی میں استعمال ہونے والا سیٹ اسکوائر ایک مکمل مثلث ہوتا ہے۔

5. ایفل ٹاور کے کنارے مضبوطی کے لیے مثلثی شکلیں بناتے ہیں۔

6. کشتیوں کے بادبان اکثر مثلثی ہوتے ہیں تاکہ ہوا کو صحیح طرح پکڑ سکیں۔

7. بہت سے پل مضبوطی کے لیے مثلثی ڈیزائن استعمال کرتے ہیں۔

   مثال: ہاورہ برج


7.1 Equilateral Triangles

Among all the triangles, the equilateral triangles are the most symmetric ones. These are triangles in which all the sides are of equal lengths. Let us try to constructing them.

How do you construct this triangle and what tools do you use?

Can this construction be done only using a marked ruler (and a pencil)?

Constructing this triangle using just a ruler is certainly possible. But this might require several trials. Say we draw the base-let us call it AB-of length 4 cm (see the figure below), and mark the third point C using a ruler such that AC = 4cm. This may not lead to BC also having a length of 4 cm. If this happens, we will have to keep making attempts to mark C till we get BC to be 4 cm long.




How do we make this construction more efficient?

Recall solving a similar problem in the previous year using a compass (in the Chapter 'Playing with Constructions'). We had to mark the top point of a 'house' which is 5 cm from two other points. The method we used to get that point can also be used here.

After constructing AB = 4cm, we can do the following.


Step 1: Using a compass, construct a sufficiently long arc with radius 4 cm from A, as shown in the figure. The point C is somewhere on this arc. How do we mark it?



© NCERT

7.1 مساوی الاضلاع مثلث

تمام مثلثات میں مساوی الاضلاع مثلث سب سے زیادہ متوازن ہوتے ہیں۔ یہ وہ مثلثات ہیں جن کی تمام اضلاع کی لمبائیاں برابر ہوتی ہیں۔ آیئے انہیں بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔



آپ اس مثلث کو کیسے بنائیں گے اور کون سے آلات استعمال کریں گے؟

کیا یہ تعمیر صرف نشانات والے پیمانے (اور پنسل) کی مدد سے کی جاسکتی ہے؟


صرف پیمانے کی مدد سے اس مثلث کی تعمیر یقیناً ممکن ہے، لیکن اس کے لیے کئی بار کوشش کرنی پڑ سکتی ہے۔ فرض کریں ہم 4 سمر لمبائی کی بنیاد کھینچتے ہیں — اسے AB کہتے ہیں — اور پھر پیمانے کی مدد سے تیسرا نقطہ C اس طرح نشان زد کرتے ہیں کہ AC = 4 سمر ہو۔ لیکن اس سے ضروری نہیں کہ BC کی لمبائی بھی 4 سمر ہو۔ اگر ایسا نہ ہو تو ہمیں C کو بار بار نشان زد کرنا پڑے گا جب تک BC کی لمبائی 4 سمر نہ ہو جائے۔

ہم اس تعمیر کو زیادہ مؤثر کیسے بنا سکتے ہیں؟


یاد کریں کہ پچھلے سال ہم نے پرکار کی مدد سے ایک مشابہ مسئلہ حل کیا تھا (باب "تعمیرات کے ساتھ کھیلنا" میں)۔ ہمیں ایک "گھر" کا اوپری نقطہ نشان زد کرنا تھا جو دو دوسرے نقاط سے 5 سمر دور ہو۔ جو طریقہ ہم نے وہاں استعمال کیا تھا، وہی یہاں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

AB = 4 سمر بنانے کے بعد، ہم درج ذیل عمل کر سکتے ہیں۔

مرحلہ 1: پرکار کی مدد سے A مرکز اور 4 سمر رداس کے ساتھ ایک مناسب لمبا قوس کھینچیں۔ نقطہ C اس قوس پر کہیں موجود ہو گا۔ ہم اسے کیسے نشان زد کریں؟




Step 2: Construct another arc with radius 4cm from B.



Let C be the point of intersection of the arcs.

? The construction ensures that both AC and BC are of length 4 cm. Can you see why?

Step 3: Join AC and BC to get the required equilateral triangle.



7.2 Constructing a Triangle When its Sides are Given


How do we construct triangles that are not equilateral?

? Construct a triangle of side lengths 4 cm, 5 cm and 6 cm.

As in the previous case, this triangle can also be constructed using just a marked ruler. But it will involve several trials.

APSCERT


مرحلہ 2 : B مرکز اور 4 سمر رداس کے ساتھ ایک اور قوس کھینچیں۔



قوسوں کے نقطہ تقاطع کو C مان لیں۔

یہ تعمیر اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ AC اور BC دونوں کی لمبائی 4 سمر ہو۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کیوں؟

مرحلہ 3: مطلوبہ مساوی الاضلاع مثلث حاصل کرنے کے لیے AC اور BC کو ملا دیں۔



7.2 جب مثلث کی اضلاع دی گئی ہوں تو اس کی بناوٹ

ہم ایسے مثلثات کیسے بنائیں جو مساوی الاضلاع نہ ہوں؟

4 سمر، 5 سمر اور 6 سمر لمبائی والی اضلاع کا ایک مثلث بنائیں۔

پچھلی مثال کی طرح، اس مثلث کو بھی صرف نشانات والے پیمانے کی مدد سے بنایا جا سکتا ہے۔ لیکن اس میں کئی بار کوشش کرنی پڑے گی۔

How do we construct this triangle more efficiently?

Choose one of the given lengths to be the base of the triangle: say 4 cm. Draw the base. Let A and B be the base vertices, and call the third vertex C. Let AC = 5 cm and BC = 6 cm.




Fig. 7.1

Like we did in the case of equilateral triangles, let us first get all the points that are at a 5 cm distance from A. These points lie on the circle whose centre is A and has radius 5 cm. The point C must lie somewhere on this circle. How do we find it?




Fig. 7.2

We will make use of the fact that the point C is 6 cm away from B. Construct an arc of radius 6 cm from B.




Fig. 7.3

AP SCERT

ہم اس مثلث کی تعمیر کو زیادہ مؤثر طریقے سے کیسے کریں؟

دی گئی لمبائیوں میں سے ایک کو مثلث کی بنیاد منتخب کریں: مثلاً 4 سمر۔ بنیاد کھینچیں۔ بنیاد کے راسوں کو A اور B نام دیں، اور تیسرے راس کو C کہیں۔ فرض کریں AC = 5 سمر اور BC = 6 سمر۔




Fig. 7.1

جیسا کہ ہم نے مساوی الاضلاع مثلث کے معاملے میں کیا تھا، پہلے ان تمام نقاط کو حاصل کرتے ہیں جو A سے 5 سمر کے فاصلے پر ہیں۔ یہ نقاط اس دائرے پر واقع ہوں گے جس کا مرکز A اور رداس 5 سمر ہے۔ نقطہ C اس دائرے پر کہیں موجود ہو گا۔ ہم اسے کیسے معلوم کریں؟




Fig. 7.2

ہم اس حقیقت سے فائدہ اٹھائیں گے کہ نقطہ C ، B سے 6 سمر کے فاصلے پر ہے۔ B مرکز اور 6 سمر نصف قطر کے ساتھ ایک قوس کھینچیں۔





Fig. 7.3

The required point C is one of the points of intersection of the two circles.

The reason why the point of intersection is the third vertex is the same as for equilateral triangles. This point lies on both the circles. Hence its distance from A is the radius of the circle centred at A (5 cm) and its distance from B is the same as the radius of the circle centred at B (6 cm).



